اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ شَيْءٍ
فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ صَلٰوةُ اللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَاَنْبِيَآئِهٖ
وَرُسُلِهٖ وَجَمِيْعِ خَلْقِهٖ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ
وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَخَا النَّبِيِّيْنَ وَرَسُوْلِ رَبِّ
الْعٰلَمِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ
بَيْتِهٖ وَعِتْرَتِهٖ اَجْمَعِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّجِبْرَآئِيْلَ
وَمِيْكَآئِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَعِزْرَآئِيْلَ وَمُنْكَرٍ وَّنَكِيْرٍ وَّعَلٰى
حَمَلَةِ الْعَرْشِ وَالْكِرَامِ الْكَاتِبِيْنَ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا
كَثِيْرًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِىْ كُلِّ

Marfat.com

وَقْتٍ وَّاوَانٍ وَّحَالٍ وَّزَمَانٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ وَاَضْعَافَ
ذٰلِكَ كُلِّهٖ بِاَضْعَافٍ لَّا يُحْصِيْهَا غَيْرُكَ اِنَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا تُرِيْدُ
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلٰوةً لَّا يَنْقَطِعُ مَدَدُهَا وَلَا يُحْصٰى عَدَدُهَا
صَلٰوةً تَشْحَنُ الْهَوَآءَ وَتَمْلَاُ الْاَرْضَ وَالسَّمَآءَ وَصَلِّ عَلَيْهِ
وَاٰلِهٖ حَتّٰى تَرْضٰى بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ہ

## مُسَبَّعَاتِ عَشَر

مشائخِ عظام اور بزرگانِ دین کے ذریعہ مُسَبَّعاتِ عشر کی دولت پہنچی ہے۔ اس کے فضائل بے حد ہیں۔
تفصیل معلوم کرنے کے لئے احیاء العلوم جلد اول بابِ دہم فصلِ اول ملاحظہ فرمایئے۔

پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر روز صبح کو آفتاب کے نکلنے اور زمین پر پھیلنے سے پیشتر اور شام کو غروب سے پہلے باوضو سورہ الحمد شریف سات بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ سات بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ سات بار قُلْ هُوَ اللّٰهُ سات بار قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ سات بار اٰيَةُ الْكُرْسِيِّ سات بار سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ سات بار۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْحَبِيْبِ الْعَالِي الْقَدْرِ الْعَظِيْمِ الْجَاهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ سات بار اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّكَ قَرِيْبٌ مُّجِيْبُ الدَّعَوَاتِ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ سات بار اَللّٰهُمَّ افْعَلْ بِيْ وَبِهِمْ عَاجِلًا وَّاٰجِلًا فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ مَآ اَنْتَ لَهٗ اَهْلٌ وَّلَا تَفْعَلْ بِنَا يَا مَوْلَانَا مَا نَحْنُ لَهٗ اَهْلٌ اِنَّكَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ جَوَادٌ كَرِيْمٌ رَّءُوْفٌ رَّحِيْمٌ سات بار۔ ہر سورة اور آیۃ الکرسی کو بسم اللہ کیسا تھ پڑھے۔ ناغہ نہ کرے۔

Marfat.com

# ہفت ہیکل

ہیکل تعویذ کو کہتے ہیں ۔ تعویذ کا مطلب یہ ہے کہ بندہ اللہ کی پناہ حاصل کرلے ۔ اس ہفت ہیکل کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کی پناہ حاصل کی گئی ہے ۔ اس میں آیۃ الکرسی اور آمن الرسول کے علاوہ متعدد آیاتِ قرآنی ہیں جن کی روزمرہ تلاوت سے آسمان سے خیروبرکت کا نزول ہوگا۔ جس خاص مقصد کے لئے اس کا وظیفہ پڑھا جائے گا۔ اس میں کامیابی ہوگی۔ خاص طور پر آسیب وجنّات اور تمام بلاؤں سے نجات یقینی ہے ۔

## اسنادِ ہفت ہیکل

بعد حمد وصلوٰۃ کے معلوم ہو کہ اس ہفت ہیکل میں آیات کلام الٰہی تعالیٰ شانہ ہیں جس طرح تمام مخلوقات سماوی وارضی ادراکِ کُنہِ جلال حضرت ذوالجلال سے عاجز ہیں اور ادائے حق حمد وثنائی صمد متعال سے قاصر، اسی طرح اس کے کلام مقدس کے وصف میں حیران کَلَامُ الْمُلُوْکِ مُلُوْکُ الْکَلَامِ، بادشاہوں کا کلام تمام بیانوں کا بادشاہ ہوتا ہے۔ پس شہنشاہِ حقیقی جلّ جلالہٗ کے کلام پاک کی کیا کوئی تعریف کرسکتا ہے ؎ زعشقِ ناتمامِ ما جمالِ یار مستغنی ست، دوستوں کو اپنے دوست کے ذکر اور حکم بجا آوری میں اپنے دوست کی رضامندی مطلوب ہوتی ہے۔ ببیں تفاوتِ رہ از کجاست تا بکجا، یہی وجہ ہے کہ ایک سانس خاصانِ خدا کا، اوروں کی ہزاروں برس کی عبادت سے بدرجہا افضل ہے اُن کا سونا غافل کے تہجد سے افضل ہے جبکہ یہ معلوم ہوچکا تو اب کمالِ یقین سے اس ہفت ہیکل کو ہر روز پڑھا کرو۔ جس غرض اور مطلب کے واسطے پڑھو گے بفضلہٖ تعالیٰ بیڑا پار ہوگا۔ جس قدر دل تعلقات

Marfat.com

ماسوا سے منقطع ہو کر خدا کی طرف جھکے گا اسی قدر فوائد حاصل ہوتے جائیں گے۔ دل آرامی کہ داری دل در و بند ۔ دگر چشم از ہمہ عالم فرو بند۔ خدا سب کو توفیق فرمائے وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم۔

## ہیکلِ اوّل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اُعِیْذُ نَفْسِیْ بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ج لَا تَاْخُذُہٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ط مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ط یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ج وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ج وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ج وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ج وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

## ہیکلِ دوم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اُعِیْذُ نَفْسِیْ بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ ج اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَکَ مِنْ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِیْلًا ۝ اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْکِ الشَّمْسِ اِلٰی غَسَقِ الَّیْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ط اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ کَانَ مَشْھُوْدًا ۝ وَمِنَ الَّیْلِ فَتَھَجَّدْ بِہٖ نَافِلَةً لَّکَ ق صلے عَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ۝ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ۝

## ہیکلِ سوم

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اُعِيْذُ نَفْسِىْ بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ ○ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ○ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○

## ہیکل چہارم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اُعِيْذُ نَفْسِىْ بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ ○ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ○ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ○ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَـُٔوْسًا ○ قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ؕ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ○ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ؕ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّىْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ○

## ہیکل پنجم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اُعِيْذُ نَفْسِىْ بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ ○ قَالَ رَبِّ اِنِّىْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّىْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ○

وَاِنِّیْ خِفْتُ الْمَوَالِیَ مِنْ وَّرَآءِیْ وَكَانَتِ امْرَاَتِیْ عَاقِرًا فَهَبْ
لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِیًّا ۙ يَّرِثُنِیْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ وَاجْعَلْهُ
رَبِّ رَضِيًّا ۝ لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ
الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ
لَا تَخَافُوْنَ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ۝

## ہیکل ششم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اُعِيْذُ نَفْسِيْ بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝ قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ
مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۙ يَّهْدِيْ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا
بِهٖ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَا اَحَدًا ۙ وَّاَنَّهُ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ
صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۙ وَّاَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۝

## ہیکل ہفتم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اُعِيْذُ نَفْسِيْ بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ
بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهُ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا
هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

## شش قفل

### قفل اوّل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بِسْمِ اللّٰهِ السَّمِيْعِ الْبَصِيْرِ ۝ الَّذِيْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَّهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ
عَلِيْمٌ ۝ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝

Marfat.com

## قفلِ دُوم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

بِسۡمِ اللّٰہِ الۡخَالِقِ الۡعَلِیۡمِ ۝ اَلَّذِیۡ لَیۡسَ کَمِثۡلِہٖ شَیۡءٌ وَّھُوَ الۡفَتَّاحُ الۡعَلِیۡمُ ۝ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ ۝

## قفلِ سوم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

بِسۡمِ اللّٰہِ السَّمِیۡعِ الۡعَلِیۡمِ ۝ اَلَّذِیۡ لَیۡسَ کَمِثۡلِہٖ شَیۡءٌ وَّھُوَ الۡغَنِیُّ الۡقَدِیۡرُ ۝ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ ۝

## قفلِ چہارم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بِسۡمِ اللّٰہِ الۡعَزِیۡزِ الۡکَرِیۡمِ ۝ اَلَّذِیۡ لَیۡسَ کَمِثۡلِہٖ شَیۡءٌ وَّھُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡکَرِیۡمُ ۝ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ ۝

## قفلِ پنجم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

بِسۡمِ اللّٰہِ السَّمِیۡعِ الۡعَلِیۡمِ ۝ اَلَّذِیۡ لَیۡسَ کَمِثۡلِہٖ شَیۡءٌ وَّھُوَ الۡعَلِیۡمُ الۡخَبِیۡرُ ۝ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ ۝

## قفلِ ششم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بِسۡمِ اللّٰہِ الۡعَزِیۡزِ الرَّحِیۡمِ ۝ اَلَّذِیۡ لَیۡسَ کَمِثۡلِہٖ شَیۡءٌ وَّھُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡغَفُوۡرُ ۝ فَاللّٰہُ خَیۡرٌ حٰفِظًا ۪ وَّھُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ ۝

Marfat.com

# چہل کاف

فقیر عبد المصطفےٰ الازہری گذارش کرتا ہے کہ یہ چالیس کاف حضرت غوث اعظم جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منسوب ہے اور حل مشکلات کیلئے اکسیر مانا جاتا ہے۔ حضرت شاہ رفیع الدین محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت غوث اعظم السید ابو محمد محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے اس چہل کاف کا جو آپ کی طرف منسوب ہے، فارسی میں ترجمہ کیا ہے اور پوری تحقیق لغوی کی ہے، اس مختصر رسالہ میں پوری تحقیق کا ذکر کرنا زیادہ مفید نہ ہوگا، لیکن ان کے فارسی ترجمہ اور اس کے ورد اور فوائد کا ذکر ضروری معلوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةً | كِفْ كَافُهَا كَكَمِيْنٍ كَانَ مِنْ لَكَكٍ |
| تمہیں پروردگار نے تیری بہت کفایت کی بہت سی مصیبتوں سے | ان مصیبتوں سے ایسی حفاظت کی جیسے کہ کمین گاہ میں شکرے کوئی بچ جائے |
| تَكُرُّ كَرًّا كَكَرِّ الْكَرِّ فِيْ كَبَدٍ | تَحْكِيْ مُشَكْشَكَةً كَلُكْلُكٍ لَكَكٍ |
| یہ مصیبت مشابہ ہے ایسی جماعت سے جو ہتھیار سے لیس ہو یا نیزہ بردار ہو | جیسے کہ مضبوط جوان گوشت سے بھرا ہوا اونٹ |
| كَفَامَا بِيْ كَفَاكَ الْكَافُ كُرْبَتَهُ | يَا كَوْكَبًا كَانَ يَحْكِيْ كَوْكَبَ الْفَلَكِ |
| پروردگار کفایت کرے اس چیز کی جو میرے سامنے ہے میرے علم کی بنا پر تمام مصیبتوں سے | اے ستارے تو ثبات اور بقاء روشنی میں آسمانی ستارے کی طرح ہے |

پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ منگل کے دن سے حیوانات و منہیات کا ترک کریں (ترک جلالی و جمالی)، اور بدھ کی آدھی رات کے بعد غسل کریں اور دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھیں اور پھر یوں کہیں:

يَا جَرْدَائِيْلُ بِحَقِّ الْكَافِ اَجِبْ وَاَطِعْ وَسَخِّرْلِيْ فِيْ قَضَاءِ حَاجَاتِيْ وَحُصُوْلِ مُرَادِيْ بِلَا مُهْلَةٍ وَلَا مَكْثٍ وَاَلِّفْ قُلُوْبَنَا وَقُلُوْبَ الْاُمَّةِ بِحَقِّ كَفَاكَ وَاَرِنِيْ عَالَمَ الْاَرْوَاحِ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ سَرِيْعًا

اس کے بعد یہ چہل کاف دو ہزار بار پڑھے اور ہر سو پر يَا جَرْدَائِيْلُ والی دعا پڑھے اور پھر اسی پر ختم کرے اور دن میں روزہ رکھے اور سات دنوں تک اس عمل کو کرے اور دن میں اکثر خاموش رہے اور اللہ کی طرف توجہ قائم رکھے تو بڑے بڑے عجائب اس پر منکشف ہوں گے۔ باذن اللہ (از شاہ رفیع الدین)

**ماخوذ از مجموعہ تسع رسائل مطبوعہ مکتبہ نوریہ (رضویہ) بغدادی مسجد گلبرگ فیصل آباد (پاکستان)**

**نوٹ:** اکثر کتابوں میں چہل کاف کی تعداد اکتالیس کاف پر مشتمل ہے۔ جب کہ چہل کاف کا مطلب یہ ہے کہ کاف کی تعداد چالیس ہونی چاہیئے۔ چنانچہ ہم نے چالیس کاف پر مشتمل چہل کاف لکھا ہے۔

Marfat.com

# نماز پڑھنے کا طریقہ

نماز پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ باوضو قبلہ رُو ہو کر دونوں پاؤں کے پنجوں میں چار انگلی کا فاصلہ کر کے کھڑا ہو اور دونوں ہاتھ کان تک اُٹھائے۔ انگوٹھے کان کی لو سے لگائے اور انگلیاں نہ ملی ہوئی رکھے نہ خوب کھولے ہوئے۔ بلکہ اپنی حالت پر ہوں اور ہتھیلیاں قبلہ رُخ۔ پھر نیت کر کے اللہ اکبر کہتا ہوا ہاتھ نیچے لائے اور ناف کے نیچے باندھ لے اسطرح کہ داہنی ہتھیلی کی گدی بائیں کلائی کے سرے پر ہو اور بیچ کی تین انگلیاں بائیں کلائی کی پشت پر اور انگوٹھا اور چھنگلیا کلائی کے اغل بغل، پھر ثنا پڑھے۔ (سُبحانکَ) پھر اَعُوذُ باللہِ پھر بِسمِ اللہِ پھر الحمد شریف پڑھے اور ختم پر آمین آہستہ کہے اس کے بعد کوئی سورت یا تین آیتیں پڑھے یا ایک آیت جو تین کے برابر ہو۔ اب اللہ اکبر کہتا ہوا رکوع میں جائے اور گھٹنوں کو ہاتھ سے پکڑے اس طرح کے ہتھیلیاں گھٹنے پر ہوں اور انگلیاں خوب پھیلی ہوں۔ اسطرح نہیں کہ سب انگلیاں ایک طرف ہوں اور نہ اسطرح کہ چار انگلیاں ایک طرف اور ایکطرف صرف انگوٹھا، پیٹھ بچھی ہو اور سر پیٹھ کے برابر ہو اونچا نیچا نہ ہو۔ پھر کم سے کم تین بار سُبحَانَ رَبِّیَ العَظِیمُ کہے پھر سَمِعَ اللہُ لِمَن حَمِدَہٗ کہتا ہوا سیدھا کھڑا ہو جائے اور منفرد ہو تو اس کے بعد اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَلَکَ الحَمدُ کہے پھر اللہ اکبر کہتا ہوا سجدہ میں جائے اسطرح کہ گھٹنے زمین پر رکھے پھر ہاتھ۔ پھر دونوں ہاتھوں کے بیچ میں سر رکھے اور پیشانی اور ناک کی ہڈی خوب جمائے اور بازوؤں کو کروٹوں اور پیٹ کو رانوں اور رانوں کو پنڈلیوں سے جدا رکھے اور دونوں پاؤں کی سب انگلیوں کے پیٹ قبلہ رُو جمے ہوں اور ہتھیلیاں بچھی ہوں اور انگلیاں قبلہ کو ہوں پھر کم از کم تین بار سُبحَانَ رَبِّیَ الاَعلٰی کہے پھر سر اٹھائے پھر ہاتھ اور داہنا قدم کھڑا کر کے اسکی انگلیاں قبلہ رُخ ہوں اور بایاں قدم بچھا کر اس پر خوب سیدھا بیٹھ جائے اور ہتھیلیاں بچھا کر رانوں پر گھٹنوں کے پاس رکھے کہ دونوں ہاتھ کی انگلیاں قبلہ کو ہوں پھر اللہ اکبر کہتا ہوا سجدے کو جائے اور اسطرح سجدہ کرے پھر سر اٹھائے پھر ہاتھ کو گھٹنے پر رکھ کر پنجوں کے بل کھڑا ہو جائے اب صرف بِسمِ اللہ پڑھ کر قرأت شروع کر دے پھر اسی طرح رکوع اور سجدہ کر کے داہنا قدم کھڑا کر کے بایاں قدم بچھا کر بیٹھ جائے او

Marfat.com

التحیات پڑھے اس کو تشہد کہتے ہیں اور جب کلمہ لا کے قریب پہنچے تو داہنے ہاتھ کی بیچ کی انگلی اور انگوٹھے کا حلقہ بنائے اور چھنگلیاں اور اس کے پاس والی کو ہتھیلی سے ملا دے اور لفظ لا پر کلمہ کی انگلی اٹھائے مگر اسکو جنبش نہ دے اور کلمہ الا پر گرا دے اور سب انگلیاں فوراً سیدھی کرلے اور دو سے زیادہ رکعتیں پڑھنی ہیں تو اُٹھ کھڑا ہو اور اسی طرح پڑھے مگر فرضوں کی ان رکعتوں میں اَلحمد کے ساتھ سورہ ملانا ضروری نہیں اب آخری قعدہ جس کے بعد نماز ختم کریگا اس میں تشہد کے بعد درود شریف پڑھے پھر دعائے ماثورہ پڑھے۔ اس کے بعد داہنی طرف سلام پھیرے پھر بائیں طرف۔ یہ طریقہ نماز امام یا تنہا نماز پڑھنے والے کے لئے ہے۔ مقتدی کیلئے سورۂ فاتحہ یا کوئی سورت امام کے پیچھے پڑھنا جائز نہیں۔

## عورتوں کیلئے طریقہ نماز

عورتوں کیلئے مخصوص طریقہ نماز یہ ہے کہ دونوں ہاتھ مونڈھوں تک اُٹھائے، تکبیر کے وقت دونوں ہاتھ چادر کے اندر ہوں۔ پھر نیت کر کے اللہ اکبر کہتی ہوئی بائیں ہتھیلی سینہ پر چھاتی کے نیچے رکھ کر اسی کی پشت پر داہنی ہتھیلی کو رکھدے **رکوع** اسطرح کرے کہ گھٹنوں پر ہاتھ رکھے اور انگلیاں کشادہ نہ کرے۔ رکوع میں تھوڑا جھکے یعنی صرف اس قدر کہ ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ جائیں۔ پیٹھ سیدھی نہ کرے اور گھٹنوں پر زور نہ دے بلکہ محض ہاتھ رکھدے اور ہاتھوں کی انگلیاں ملی ہوئی رکھے اور پاؤں جھکے ہوئے رکھے **سجدہ** سمٹ کر کرے اس طرح کہ بازو کروٹوں سے ملا دے اور پیٹ ران سے اور ران کو پنڈلیوں سے اور پنڈلیاں زمین سے اور دونوں پاؤں داہنی جانب نکال دے۔ قعدہ اس طرح کرے کہ دونوں پاؤں داہنی جانب نکال دے اور بائیں سرین پر بیٹھے۔

### تعداد رکعات

| نام نماز | غیر موکدہ سنت قبل فرض | سنت موکدہ قبل فرض | فرض | سنت موکدہ بعد فرض | نفل | کل رکعتیں |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فجر | × | ٢ | ٢ | × | × | ٤ |
| ظہر | × | ٤ | ٤ | ٢ | ٢ | ١٢ |
| عصر | ٤ | × | ٤ | × | × | ٨ |
| مغرب | × | × | ٣ | ٢ | ٢ | ٧ |
| عشاء | ٤ | × | ٤ | ٢ / ٣ وتر واجب | ٤ / ٢ وتروں سے پہلے ٢ بعد | ١٧ |
| میزان | ٨ | ٦ | ١٧ | ٣ - ٦ | ٨ | ٤٨ |

# نمازِ جنازہ

جنازہ کی نماز فرض کفایہ ہے۔ فرض کفایہ کا مطلب یہ ہے کہ اگر چند آدمی بھی پڑھ لیں تو سب بری الذمہ ہو گئے ورنہ سب گنہگار ہونگے جن کو خبر پہنچی تھی اور نہیں آئے اس کے لئے جماعت شرط نہیں ایک آدمی بھی پڑھ لے تو فرض ادا ہو گیا۔ اس کے دو رکن ہیں۔ چار بار تکبیر کہنا۔ کھڑے ہو کر پڑھنا۔ اور اس کی تین سنتیں ہیں۔ اللہ کی حمد و ثنا کرنا نبی صلی اللہ علیہ وسلّم پر درود پڑھنا۔ میت کے لئے دعا کرنا۔ میت سے مراد وہ ہے جو زندہ پیدا ہوا پھر مر گیا، جو مرا ہوا پیدا ہوا اس کی نماز نہیں۔ نیز میت کا سامنے ہونا ضروری ہے۔ غائب کی نماز نہیں، اگر کئی میتیں جمع ہو جائیں تو سب کے لئے ایک ہی نماز کافی ہے سب کی نیت کرے اور علیحدہ علیحدہ پڑھے تو افضل ہے

## طریقۂ نماز

پہلے نیت کر کے امام و مقتدی کانوں تک ہاتھ اٹھائیں۔ اور اللہ اکبر کہتے ہوئے ناف کے نیچے باندھ لیں اور ثنا پڑھیں وَتَعَالٰی جَدُّكَ کے بعد وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ پڑھیں پھر بغیر ہاتھ اٹھائے تکبیر کہیں اور وہی نماز والا درود شریف پڑھیں پھر بغیر ہاتھ اٹھائے تکبیر کہیں اور دعا پڑھیں پھر ہاتھ چھوڑ کر سلام پھیر دیں مقتدی تکبیریں آہستہ کہے اور امام زور سے۔

**بالغ مرد و عورت کی دعا**

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا

Marfat.com

تَتَوَفَّهٗ عَلَی الْاِیْمَانِ ط

نابالغ لڑکے کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا ط

نابالغ لڑکی کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهَا لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهَا لَنَا اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْهَا لَنَا شَافِعَةً وَّمُشَفَّعَةً

دعا کے بعد چوتھی تکبیر کہہ کر ہاتھ چھوڑ دیں اور سلام پھیر دیں اور صفیں توڑ کر دعا مانگیں۔

فائدہ: جنازہ کو کاندھا دینا عبادت اور بہت اجر و ثواب ہے۔ یہ جو عوام میں مشہور ہے کہ شوہر اپنی بیوی کے جنازہ کو نہ کندھا دے سکتا ہے نہ قبر میں اُتار سکتا ہے نہ منہ دیکھ سکتا ہے، محض غلط ہے۔ صرف نہلانے اور بلا حائل بدن کو ہاتھ لگانے کی ممانعت ہے۔ عورت اپنے شوہر کو غسل دے سکتی ہے۔

نمازِ مسافر

مسافر وہ شخص ہے جو کم سے کم ستاون میل کے سفر کے ارادے سے اپنی بستی سے باہر نکل چکا ہو۔ اس پر واجب ہے کہ فقط فرض نماز میں قصر کرے۔ یعنی چار رکعت والے فرض کو دو پڑھے اس کے حق میں دو رکعتیں ہی پوری نماز ہے۔ اگر سہواً یا قصداً چار پڑھے اور دو کے بعد قعدہ کرے تو فرض ادا ہو جائیں گے اور پچھلی دو رکعتیں نفل ہو جائیں گی مگر قصداً چار پڑھنے والا سخت گنہگار ہے۔ اس پر توبہ لازم ہے۔ اگر مقیم مسافر امام کے پیچھے نماز پڑھے گا تو امام کے سلام کے بعد وہ اپنی دو رکعتیں پوری کریگا، مگر ان دو رکعتوں میں فاتحہ نہیں پڑھے گا بلکہ بقدرِ فاتحہ خاموش کھڑا رہے گا۔ اور باقی معمول کے مطابق ادا کریگا۔ مسافر جب تک واپس اپنی بستی میں نہ آئے مسافر ہے اور جس شہر یا بستی میں جائے اگر وہاں پندرہ روز سے کم رہنے کی نیت ہو تو قصر پڑھے۔ قصر صرف چار رکعت والے فرضوں میں ہے سنت و وتر میں قصر نہیں۔ سفر میں سنتیں مکمل پڑھی جائیں

نمازِ اشراق

اس نماز کی بڑی فضیلت ہے۔ اس کے پڑھنے والے کو پورے حج و عمرہ کا ثواب ملتا ہے۔ صرف دو رکعتیں ہیں کہ نمازِ فجر جماعت کے ساتھ پڑھنے کے بعد

Marfat.com

بیٹھا ذکرالٰہی کرتا رہے۔ جب آفتاب بلند ہو جائے تو پڑھے۔

**نماز چاشت** اس نماز کی بہت ہی زیادہ فضیلت ہے۔ ہمیشہ پڑھنے والے کے سب گناہ بخشے جاتے ہیں اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں اور اس کے واسطے جنت میں سونے کا محل ہوگا۔ اس نماز کی کم از کم دو رکعتیں اور زیادہ سے زیادہ بارہ ہیں۔ اس کا وقت آفتاب بلند ہونے سے زوال تک ہے۔

**نماز تسبیح** اس نماز کا بے انتہا اجر و ثواب ہے اور اس کی چار رکعتیں ہیں۔ مکروہ وقت کے علاوہ جب چاہے پڑھ سکتا ہے۔ بہتر ہے کہ ظہر سے پہلے پڑھے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ تکبیر تحریمہ کے بعد ثنا پڑھے۔ ثنا کے بعد پندرہ بار یہ کلمہ پڑھے۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ۔ پھر اعوذ باللہ، بسم اللہ اور فاتحہ اور سورۃ پڑھ کر دس بار یہی کلمہ پڑھے۔ پھر رکوع میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ کے بعد دس بار۔ پھر رکوع سے اٹھ کر سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ اور رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ کے بعد دس بار۔ پھر سجدے میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کے بعد دس بار۔ پھر سجدے سے اٹھ کر جلسہ میں دس بار۔ پھر دوسرے سجدے میں تسبیح کے بعد دس بار۔ پھر کھڑے ہو کر بسم اللہ سے پہلے پندرہ بار۔ پھر اسی ترکیب سے چار رکعتیں پڑھے۔ ہر رکعت میں پچھتر بار اور چاروں رکعتوں میں تین سو بار یہ تسبیح پڑھی جائیگی۔

**نماز تراویح** خاص رمضان کی راتوں میں عشا کے بعد اور وتروں سے پہلے جو نماز پڑھی جاتی ہے، وہ تراویح ہے۔ مرد اور عورت دونوں کے لئے سنتِ مؤکدہ ہے۔ اس کی بیس رکعتیں دس سلاموں کے ساتھ ہیں۔ ہر چار رکعت کے بعد کچھ دیر آرام کرنا اور یہ تسبیح پڑھنا مستحب ہے۔

سُبْحَانَ ذِی الْمُلْکِ وَالْمَلَکُوْتِ ط سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّۃِ وَالْعَظَمَۃِ وَالْھَیْبَۃِ وَالْقُدْرَۃِ وَالْکِبْرِیَآءِ وَالْجَبَرُوْتِ سُبْحَانَ الْمَلِکِ الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَنَامُ وَلَا یَمُوْتُ ط سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَالرُّوْحِ ط اَللّٰھُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ یَا مُجِیْرُ یَا مُجِیْرُ الصَّلٰوۃُ بِرَ مُحَمَّدٍ

## نمازِ تہجد اور صلوٰۃ اللیل

عشاء کی نماز کے بعد رات کو سو کر اٹھنے کے بعد جو نماز پڑھی جاتی ہے اسے تہجد کہتے ہیں اس نماز کی بڑی فضیلت ہے اس کی کم از کم دو رکعتیں اور زیادہ سے زیادہ بارہ رکعتیں ہیں اور جو عشائ کے بعد، سونے سے قبل پڑھی جائے۔ اسے صلوٰۃ اللیل کہتے ہیں۔ فرضوں اور سنّتِ موکدہ کے بعد، افضل نماز رات کی نماز ہے۔

## نمازِ حاجت

جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی اہم معاملہ درپیش ہوتا تو اس کے لئے کبھی دو رکعت یا چار رکعت پڑھتے۔ حدیث میں ہے پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے۔ باقی تین رکعتوں میں فاتحہ کے بعد قُلْ هُوَ اللّٰهُ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ایک ایک بار پڑھے تو گویا اس نے شب قدر میں چار رکعتیں پڑھیں (ابوداؤد)
مشائخ نے فرمایا کہ ہم نے یہ نماز پڑھی اور ہماری حاجتیں پوری ہوئیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس کی کوئی حاجت اللہ کی طرف ہو یا کسی انسان کی طرف، تو اچھی طرح وضو کرے پھر دو رکعت نماز پڑھ کر اللہ تعالےٰ کی حمد و ثنا کرے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے پھر یہ پڑھے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ ط سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ط وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ط اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ ط لَاتَدَعْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝ یا یہ پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَّبِيِّ الرَّحْمَةِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ قَدْ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰى رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰى لِیْ اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِیَّ ط (ترمذی۔ ابن ماجہ بروایت عبداللہ ابی اوفی۔ ماخوذ از بہار شریعت حصہ چہارم)

Marfat.com

# نمازِ استخارہ

حدیث صحیح جس کو مسلم کے سوا تمام محدثین نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو تمام معاملات میں استخارہ کی تعلیم فرماتے جس طرح قرآن کی سورت تعلیم فرماتے تھے۔ فرمایا جب کوئی کسی امر کا قصد کرے تو دو رکعت نفل پڑھے پھر دعائے استخارہ پڑھے۔ مستحب یہ ہے کہ اس دعا کے اوّل و آخر درود شریف پڑھے ایک حدیث شریف میں ہے کہ اے انس جب تو کسی کام کا قصد کرے تو اپنے رب سے اس میں سات بار استخارہ کر پھر نظر کر تیرے دل میں کیا گذرا، بیشک اسی میں خیر ہے۔ بعض مشائخ سے منقول ہے کہ دعائے مذکور پڑھ کر با طہارت قبلہ رُو سو رہے اگر خواب میں سفیدی یا سبزی دکھائی دے تو وہ کام بہتر ہے اور اگر سیاہی یا سرخی دکھائی دے تو وہ کام بُرا ہے اس سے بچے (رد المحتار۔ بہار شریعت) جب تک ایک طرف رائے پختہ نہ ہو استخارہ کرتا رہے۔

## دُعائے استخارہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَآ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ط اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ وَعَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِهٖ فَاقْدُرْهُ لِیْ وَیَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ وَعَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِهٖ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ رَضِّنِیْ بِهٖ

Marfat.com

# دُعائے حاجات

جو شخص ہر نماز کے بعد اس دُعا کو ہمیشہ پڑھے گا خصوصاً جمعہ کی نماز کے بعد تو اللہ تعالیٰ ہر خوف کی چیز سے اسکی حفاظت کریگا اُسکے دشمنوں پر اُسکی مدد کریگا اور اُسکو غنی کر دیگا اور اُسکو ایسی جگہ سے رزق پہنچائیگا جہاں اس کا خیال بھی نہ جائے اور اسکی زندگی اُس پر آسان کر دیگا اور اُس کا قرضہ ادا کر دیگا اگرچہ وہ پہاڑ کے برابر ہو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسکو ادا کر دے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

يَا اَللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا وَاحِدُ يَا مَوْجُوْدُ يَا جَوَّادُ يَا بَاسِطُ يَا كَرِيْمُ يَا وَهَّابُ

اے اللہ اے یکتا اے یگانہ اے موجود اے بہت سخی اے پھیلانے والے اے کرم کرنے والے اے بہت دینے والے

يَا ذَا الطَّوْلِ يَا غَنِيُّ يَا مُغْنِيْ يَا فَتَّاحُ يَا رَزَّاقُ يَا عَلِيْمُ يَا حَكِيْمُ يَا حَيُّ

اے بخشش کرنیوالے اے بے پروا اے بے پروا کرنیوالے اے بہت کھولنے والے اے بہت روزی دینے والے اے تمام چیزوں کو جاننے والے اے حقیقت کو جاننے والے اے زندہ

يَا قَيُّوْمُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ

اے قائم بالذات اے بہت رحم کرنیوالے اے بے انتہا مہربان اے آسمانوں اور زمین کو بلا نمونہ پیدا کرنے والے اے بزرگی اور عظمت والے

وَالْاِكْرَامِ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ نَفِّحْنِيْ مِنْكَ بِنَفْحَةِ خَيْرٍ تُغْنِيْنِيْ بِهَا

اے بہت زیادہ مہربان اے بہت زیادہ احسان کرنے والے مجھے اپنی طرف سے ایسی خوشبو عطا کر جو تیرے سوا تمام سے

عَمَّنْ سِوَاكَ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا

بے پروا کر دے اگر تم کامیابی چاہتے ہو تو یہ (جان لو) کہ کامیابی آ چکی ہے بے شک ہم نے آپ کو کھلی ہوئی کامیابی عطا

مُّبِيْنًا ط نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ط اَللّٰهُمَّ يَا غَنِيُّ يَا حَمِيْدُ يَا مُبْدِئُ

کی ہے۔ اللہ کی طرف سے مدد اور قریبی فتح (کی امید ہے) اے اللہ اے بے پروا اے قابلِ تعریف اے پیدا کرنیوالے

يَا مُعِيْدُ يَا وَدُوْدُ يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ يَا فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ اِكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ

اے دوبارہ زندہ کرنیوالے اے بہت زیادہ محبت کرنیوالے اے عظمت والے عرش کے مالک اے جو چاہے وہ کر گذرنے والے اپنی حلال کی ہوئی باتوں کے ذریعے

عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَاحْفَظْنِيْ بِمَا حَفِظْتَ

حرام باتوں سے مجھے بے پروا کر دے اور اپنے فضل کے ذریعے اپنی ذات کے سوا تمام سے بے پروا کر دے اور جس ذریعے تو نے اپنے کلام

بِهِ الذِّكْرَ وَانْصُرْنِيْ بِمَا نَصَرْتَ بِهِ الرُّسُلَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

کی حفاظت کی اسی سے میری بھی حفاظت فرما اور جن ذرائع سے تو نے اپنے رسولوں کی مدد فرمائی انہی ذرائع سے میری مدد فرما تو ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

Marfat.com

## پانچوں نمازوں کے بعد پڑھنے کی تسبیح مع پنج گنجِ قادریہ

بعد از نمازِ فجر یَا عَزِیْزُ یَا اَللّٰہُ    بعد از نمازِ ظہر یَا کَرِیْمُ یَا اَللّٰہُ
بعد از نمازِ عصر یَا جَبَّارُ یَا اَللّٰہُ    بعد از نمازِ مغرب یَا سَتَّارُ یَا اَللّٰہُ
بعد از نمازِ عشاء یَا غَفَّارُ یَا اَللّٰہُ

سب سو سو بار، اوّل و آخر تین تین بار درود شریف کی مداومت سے بے شمار برکاتِ دین و دنیا ظاہر ہونگی۔ نیز بعد نمازِ فجر قبل طلوع آفتاب اور بعد نمازِ مغرب ۱۰۔۱۰ بار حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۱۰ بار رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۱۰ بار سَیُھْزَمُ الْجَمْعُ وَیُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی مداومت سے سب کام بنیں گے، دشمن مغلوب رہیں گے۔

## صلوٰۃُ الاسرار یا نمازِ غوثیہ

امام ابوالحسن نورالدین علی بن جریر لخمی شطنوفی بہجۃ الاسرار میں اور ملا علی قاری و شیخ عبدالحق محدث دہلوی رضی اللہ عنہم حضور سیدنا غوث الاعظم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ بعد نمازِ مغرب سنتیں پڑھ کر دو رکعت نماز نفل پڑھے اس طرح کہ ہر رکعت میں اَلْحَمْدُ کے بعد گیارہ مرتبہ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ پڑھے، سلام کے بعد اللہ عزوجل کی ثنا کرے پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر گیارہ مرتبہ درود و سلام عرض کرے اور گیارہ مرتبہ کہے یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ وَامْدُدْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ۔ پھر عراق کی جانب گیارہ قدم چلے ہر قدم پر یہ کہے، یَا غَوْثَ الثَّقَلَیْنِ وَیَا کَرِیْمَ الطَّرَفَیْنِ اَغِثْنِیْ وَامْدُدْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ پھر حضور کے وسیلہ سے اللہ عزوجل سے دعا کرے۔

(ماخوذ از بہار شریعت)

# قضا نماز اور قضائے عمری ادا کرنے کا بیان

بلا عذر شرعی نماز قضا کرنا سخت گناہ ہے۔ جلد سے جلد ادا کرنا اور توبہ کرنا فرض ہے۔ مکروہ وقت کے علاوہ کسی وقت بھی قضا نماز پڑھ سکتے ہیں۔ مکروہ اوقات کی تفصیل:۔ طلوع آفتاب کے بعد تقریباً ۲۰ منٹ تک۔ غروب آفتاب سے ۲۰ منٹ پہلے سے غروب تک۔ زوالِ آفتاب سے پہلے تقریباً ۴۸ منٹ کے درمیان قضا نماز پڑھنا جائز نہیں۔ سفر کی قضا دو رکعت اور اقامت کی قضا چار رکعت پڑھی جائیگی۔ صاحب ترتیب پر ترتیب کیساتھ قضا نماز پڑھنا فرض ہے جسکے ذمہ چھ نمازوں سے کم قضا ہوں وہ صاحب ترتیب ہے۔ صاحب ترتیب بغیر قضا پڑھے جماعت میں شریک نہیں ہوسکتا۔ قضائے عمری میں صرف فرض اور وتر کی قضا پڑھی جائے گی۔

قضائے عمری ادا کرنیکا طریقہ:۔ پہلے ضروری ہے کہ قضا نمازوں کا حساب کریں۔ بالغ ہونیکے بعد جسقدر نمازیں قضا ہوئیں انکو الگ الگ شمار کر کے جمع کرلیں۔ یعنی فجر، ظہر، عصر، مغرب، عشاء، وتر کی کل تعداد اور یہ حساب آسان ہے اسلئے کہ آپ اپنی زندگی کے بڑے سے بڑے حساب اندازے سے یا کم و بیش کر کے جتا سکتے ہیں تو قضا نمازوں کا حساب بھی اندازے سے کیا جاسکتا ہے۔ مثلاً آپ نے حساب کیا کہ فجر نماز قضا کی تعداد دو ہزار ہے۔ ظہر کی تعداد ایک ہزار ہے۔ اسی طرح تمام نمازوں کی تعداد حساب کر کے لکھ لیں پھر آپ فجر کے وقت فجر کی قضا پڑھیں ظہر کے وقت ظہر کی قضا عصر کے وقت عصر کی قضا اسی طرح تمام نمازوں کی قضا پڑھتے رہیں اور حساب سے کم کرتے رہیں۔ اس سے آسان طریقہ یہ ہے کہ روزانہ ہر نماز فرض سے پہلے اور بعد صرف ایک نماز قضا پڑھتے رہیں مثلاً دو ہزار فجر کی قضا پڑھنی ہے تو ہر نماز کے پہلے اور اس کے بعد فجر کی قضا پڑھتے رہیں پھر عشاء کے بعد حساب کرلیں کہ کتنی فجریں دن بھر میں پڑھی گئیں۔ اتنی تعداد حساب میں سے کم کرلیں اور آخر میں ایک فجر کی قضا چھوڑ دیں۔ اسی طرح ظہر کی قضا شروع کریں اور آخر میں ایک ظہر کی قضا چھوڑ دیں اسی طرح عصر، مغرب، عشاء، وتر کی ایک قضا چھوڑ دیں پھر آخر میں پانچوں نماز قضا مع وتر ایک ساتھ پڑھ لیں۔ اب الحمدللہ آپ صاحب ترتیب ہوگئے۔

قضائے عمری کیلئے نیت کا خاص طریقہ:۔ میرے ذمہ جتنی فجر کی نمازیں باقی ہیں ان میں سے پہلی نماز ادا کرنیکی نیت کرتا ہوں۔ اسی طرح ہر نماز میں نیت کرتے رہیں۔

Marfat.com

## فضائل عہد نامہ

درمختار اور ردالمحتار کے صفحہ ۲۴۸ جلد اول میں ہے: عہد نامہ معناہ بالفارسیۃ الرسالۃ ومعنی رسالۃ العہد ترجمہ عہد نامہ کے معنی فارسی زبان میں عہد کے خط کے ہیں یعنی ایسی بات تحریر کیجائے کہ بندے اور اسکے رب کے درمیان یوم میثاق میں توحید کا عہد تھا اور اسمیں اللہ تبارک و تعالیٰ کے مقدس نام سے برکت لی گئی ہو۔ مسئلہ: میت کی پیشانی یا کفن پر عہد نامہ لکھا تو اس میت کیلئے مغفرت کی امید ہے (ردالمحتار) عہد نامہ میں اللہ کی وحدانیت کی شہادت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا اقرار ہے۔ خاتمہ بالخیر کیلئے دعا ہے۔ حدیث شریف میں ہے اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَۃِ۔ دعا عبادت کی روح ہے عہد نامہ میں افضل الذکر بھی ہے جسکے لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا سب سے بڑا ذکر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ہے۔

## عہد نامہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ اَنْتَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ط اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعْھَدُ اِلَیْکَ فِیْ ھٰذِہِ الدُّنْیَا وَاَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُکَ وَرَسُوْلُکَ فَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ فَاِنَّکَ اِنْ تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ تُقَرِّبْنِیْ اِلَی الشَّرِّ وَتُبَاعِدْنِیْ مِنَ الْخَیْرِ وَاِنِّیْ لَآ اَتَّکِلُ اِلَّا بِرَحْمَتِکَ فَاجْعَلْ لِّیْ عِنْدَکَ عَھْدًا تُوَفِّیْہِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ط وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖٓ اَجْمَعِیْنَ ط بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

## طریقۂ فاتحہ

ہر وہ شئی جو مال حلال سے ہو، پھل، مٹھائی اور کھانے پر فاتحہ دی جاتی ہے۔ اور قبرستان یا کسی مزار پر صاحب مزار کے سامنے اس طرح کھڑے ہو کر فاتحہ پڑھیں کہ آپ کی پشت قبلہ کی طرف ہو۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝۱ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝۲ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ
مَآ اَعْبُدُ ۝۳ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝۴ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ
مَآ اَعْبُدُ ۝۵ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝۱ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝۲ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝۳
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝۱ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝۲ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ
اِذَا وَقَبَ ۝۳ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝۴ وَمِنْ شَرِّ
حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝۱ مَلِكِ النَّاسِ ۝۲ اِلٰهِ النَّاسِ ۝۳
مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝۴ الَّذِیْ يُوَسْوِسُ فِیْ
صُدُوْرِ النَّاسِ ۝۵ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۱ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝۲ مٰلِكِ يَوْمِ
الدِّيْنِ ۝۳ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝۴ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ
الْمُسْتَقِيْمَ ۝۵ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ
عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝۷

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ﴿۱﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۲﴾
الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ
يُنْفِقُوْنَ ﴿۳﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ
مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿۴﴾ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى
مِّنْ رَّبِّهِمْ ۙ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵﴾

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۳﴾ اِنَّ
رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً
لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ
رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۴۰﴾
اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۵۶﴾ اس کے بعد درود تاج یا یہ درود شریف پڑھے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
صَلٰوةً وَّسَلَامًا عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا
يَصِفُوْنَ ۚ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۚ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۲﴾

اس کے بعد رب العزۃ کی بارگاہ میں دعا کرے اور دونوں ہاتھ آسمان کی طرف اتنے بلند ہوں کہ کاندھوں سے بلند نہ ہونے پائیں اور خداوند قدوس کی جناب میں عرض کریں کہ اے اللہ یہ جو کچھ میں نے تلاوت کی اور یہ جو کچھ شیرینی وغیرہ ہے۔ یہ سب تیری ہی نذر ہے اس کو قبول فرما اور اسکا ثواب حضور محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پہنچا اور آپ کے وسیلہ جلیلہ سے اس کا ثواب تمام انبیاء و مرسلین، اصحاب کرام اہلبیت عظام اور تمام اولیائے امت رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور خاص کر اس کا ثواب فلاں شخص کو (اس کا نام لے) اور تمام مومن مرد اور عورتوں کو پہنچے۔ بعد فاتحہ دونوں ہاتھ اپنے منہ پر پھیر لینا چاہیے

Marfat.com

# دُعائے سُریانی

اس متبرک دعا کو حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عربی زبان میں نظم فرمایا ہے۔ اصل دعا سُریانی زبان میں تھی اس لئے اب تک دُعائے سُریانی کے نام سے مشہور ہے بزرگوں کا ارشاد ہے کہ عہد قدیم کی کتابوں میں اس دعا کا وہی درجہ تھا جو قرآن مجید میں سورۂ رحمٰن کا حضرت داؤد علیہ السّلام کو جب کوئی مشکل پیش آتی تھی تو سربسجود ہو کر دعائے سُریانی پڑھتے تھے اور اللہ تعالےٰ اس کی برکت سے مشکل آسان کر دیتا تھا مسلمانوں کے جلیل القدر اکابر نے اس متبرک دُعا کی مداومت کی ہے خاص کر سلسلہ عالیہ سہروردیہ میں اس کا ورد زیادہ رہا ہے اور حضرت خواجہ ضیاء الدّین بخشی قدس سرہٗ العزیز نے اس کی شرح آٹھویں صدی ہجری کے اوائل میں لکھی تھی۔

دعائے سریانی ہر جائز مقصد کے لئے مجرب ہے۔ روزانہ تین مرتبہ یا سات مرتبہ حصولِ مقصد کے لئے پڑھتا رہے اور سربسجود ہو کر دُعا کرے۔ دُعا حسبِ ذیل ہے۔

Marfat.com

# دُعائے سُریانی مع ترجمہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

| | |
|---|---|
| أَنَا الْمَوْجُوْدُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ | فَإِنْ تَطْلُبْ سِوَائِیْ لَمْ تَجِدْنِیْ |
| میں ہوں موجود سب مجھ پاس آؤ<br>جو میرے غیر کی راکھو طلب تم | مجھے شہ رگ سیتی نزدیک پاؤ<br>نہ پاؤ مجھے جس جا کہ جاؤ |
| أَنَا الْمَوْجُوْدُ لَا تَقْصُدْ سِوَائِیْ | کَثِیْرُ الْخَلْقِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ |
| تمہارا باعبادی میں ہوں مقصود<br>میں سرجنہار ہوں یہ سب خلق کا | نہ پوچھو مجھ بنا کوئی اور معبود<br>جسے چاہوں کردوں یک پل میں نابود |
| أَنَا الرَّبُّ الَّذِیْ یَخْشٰی عَذَابِیْ | جَمِیْعُ الْخَلْقِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ |
| میں اے بندے اسم رکھتا ہوں قہار<br>چلو دن رات مجھ شاہ کے حکم پر | ڈرے میرے غضب سے کل یہ سنسار<br>جو چاہتے ہو خلاصی میرے دربار |
| أَنَا الْمَلِکُ الْمُهَیْمِنُ جَلَّ قَدْرِیْ | عَظِیْمُ الْمُلْکِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ |
| تمہارا میں ہمیشہ ہوں قدرداں<br>بڑی ہے بہت میری بادشاہی | اگر بستی میں ہو یا در بیاباں<br>پکڑا کھینچوں میں شاہوں کا گریباں |
| أَنَا الْمَعْبُوْدُ لَا تَعْبُدْ سِوَائِیْ | أَنَا الْجَبَّارُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ |
| سچے معبود مجھ بوجھو اے عباد<br>میں غالب ہوں میرا سب پر حکم ہے | نہ ہرگز غیر میرے کی کر یاد<br>رکھوں غمگین کے راکھوں کی شاد |
| أَنَا لِلْعَبْدِ أَرْحَمُ مِنْ أَخِیْهِ | وَمِنْ أَبَوَیْهِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| کروں اپنا رحم میں تم اوپر آپ<br>خبر لوں رزق کی اگر شب و روز | نہ ایسا کر سکے بھائی و ماں و باپ<br>کروں بیمار پرسی جب چڑھے تاپ |
| تَجِدُنِیْ وَاحِدًا صَمَدًا عَظِیْمًا | کَثِیْرَ الْبِرِّ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدُنِیْ |
| میں ذاتو ذات ہوں آپ ہی اکیلا<br>کروں احسان میں ہر ہر فرد پر | نہ رکھتا ہوں کوئی خادم نہ چیلا<br>نہ دیکھوں کون پہلا کون پچھلا |
| تَجِدُنِیْ مُسْتَغَاثًا لِیْ مُغِیْثًا | اَنَا الْقَہَّارُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدُنِیْ |
| اے بندے آؤ سب مجھ پاس فریاد<br>کروں مظلوم کی میں دستگیری | اگر تم پر کرے کوئی ظلم و بیداد<br>اڑادوں دولت ظالم کو بربار |
| وَاَرْحَمُ مَنْ عِبَادِیْ مَنْ عَصَانِیْ | بِجَہْلٍ مِّنْہُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدُنِیْ |
| کروں عاصی اوپر میں رحم فی الحال<br>میری رحمت کے ہیں معمور دریا | نہ دوں وعدہ اسے پرسوں دیا کال<br>کہوں نا امید نا ہوویں یہ جہال |
| تَجِدُنِیْ فِیْ سَوَادِ اللَّیْلِ عَبْدِیْ | قَرِیْبًا مِّنْکَ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدُنِیْ |
| اے بندے تم اٹھو پچھلی پہر رات<br>نہیں پاؤ گے مجھ کو بہت نزدیک | کرو اس وقت میں مجھ سے مناجات<br>سنونگا میں تمہاری پیارے بات |
| تَجِدُنِیْ رَاحِمًا بَرًّا رَّءُوْفًا | بِکُلِّ الْخَلْقِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدُنِیْ |
| اے بندے نام میرا ہے سو رحمان<br>بنی آدم پرندے جانور کو | صبح اور شام سب میرے ہیں مہمان<br>موافق حال کے پہنچاؤں سامان |
| تَجِدُنِیْ وَاسِعًا بِالْخَلْقِ عَبْدِیْ | اَنَا الْمَذْکُوْرُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدُنِیْ |
| کرم میرا خلائق پر ہے بسیار<br>کرو میرا ذکر ہر دم ہمیشہ | غریبوں عاجزوں کا میں سچا یار<br>جو سوتے ہو جو بیٹھے ہو ہوشیار |
| تَجَلِّیْ فِیْ سُجُوْدِکَ حِیْنَ تَدْعُوْ | وَحِیْنَ تَقُوْمُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدُنِیْ |

Marfat.com

تمہیں سجدے نے ذاتا پچھاڑو
دعا اس وقت میں ہووے گی مقبول

کھڑے ہو کر ہزاروں آہ مارو
تم اپنے کام دو جگ میں سنوارو

**اِذَا الْقَھَّارُ نَادَانِیْ کَظِیْمًا ۔ اَقُلْ لَبَّیْکَ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ**

اگر غمگین پکارے مجھ بہ اندوہ
کہوں لبیک ہاں حاضر کھڑا ہوں

کہ اے مولا کیا ہے غم نے انبوہ
اٹھاؤں درد و غم کے بیٹھے کوہ

**اِذَا الْمُضْطَرُّ قَالَ لَا تَرَانِیْ ۔ نَظَرْتُ اِلَیْہِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ**

جو آوے غمزدہ مجھ پاس ناگاہ
کروں اس پر نگاہ لطف و کرم کی

کہ مارے بیقراری سے وہ اک آہ
چھڑاؤں درد بند غم سے کھولوں راہ

**اَتَعْرِفُ مَنْ یُّغِیْثُ الْخَلْقَ غَیْرِیْ ۔ سَرِیْعُ الْاَخْذِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ**

خلق کی کون پورے مجھ بنا آس
جہنم آگ سے دیوے خلاصی

رہے دن رات یوں موجود تجھ پاس
سنگھاوے بہشت کے پھولوں خوشباش

**اَتَعْرِفُ مُنْقِذًا غَیْرِیْ سَرِیْعًا ۔ مِنَ الْھَلَکَاتِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ**

اے بندے کون ہو تجکو جو چاہوے
سوا و غیر میرے کون دو جہاں میں

سوا میرے بلا کی سے چھڑاوے
کہ مشکل وقت اندر کام آوے

**اَتَعْرِفُ مَنْ یَّقُلْ لِلشَّیْءِ غَیْرِیْ ۔ یَکُنْ فَیَکُوْنُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ**

ہے ایسا کون خلقت میں کرنہار
میں قادر ہوں بڑی قدرت ہے میری

کرے یکحرف سے عالم کو اظہار
نہیں میری مثل زنہار زنہار

**اَتَعْرِفُ سَاتِرًا لِلْعَیْبِ غَیْرِیْ ۔ اَنَا السَّتَّارُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ**

بڑا ستار ہوں میں عالم الغیب
اگر چاہتے ہو خوبی یا عبادی

چھپاتا ہوں زنوں مردوں کے کل عیب
تو کس کے عیب مت کھولو بلا ریب

**فَاِنْ تَابَ اَتُوْبُ عَلَیْہِ عَبْدِیْ ۔ اَنَا التَّوَّابُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ**

Marfat.com

| | |
|---|---|
| کرو تم یاد ہر دم روز میثاق<br>میری رحمت جو ہے سابق غضب پہ | رہو اس عہد پر تم قوم عشاق<br>کرو اس طور تم تحسین اخلاق |
| وَمَنْ مِثْلِیْ وَاَیْنَ یَکُوْنُ مِثْلِیْ | وَلَیْسَ یَکُوْنُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ |
| کہو ہے کون جگ میں مجھ جیسا شاہ<br>ہوا نہ مجھ مثل کوئی نہ ہوگا | کسنے دیکھی ہے ایسی عالی درگاہ<br>ہیں لاکھوں نام میرے ہوں یک اللہ |
| هَلُمَّ اِلَیَّ لَا تَقْصُدْ سِوَائِیْ | اَنَا الْمَقْصُوْدُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ |
| اگر چاہتے ہوا اے بندے شرف تم<br>کرو شکرانہ نعمت دلوں سے | تو چل آؤ شتابی مجھ طرف تم<br>نہ بولو غیر سیتی یک حرف تم |
| اَتَذْکُرُ لَیْلَۃً نَادَیْتَ سِرًّا | اَلَمْ اَسْمَعْکَ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ |
| دعا مانگو اے بندے تم صبح و شام<br>خزانے ہیں مرے معمور بھرپور | چھپے ظاہر مجھے فرماؤ سب کام<br>سبھی مطلب کو پہنچاؤں سرانجام |
| فَلَا یُنْجِیْکَ یَا عَبْدِیْ سِوَائِیْ | مِنَ النِّیْرَانِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ |
| اے بندے سو رہے ہو کیوں اٹھو جاگ<br>جسے چاہوں اسے بخشوں خلاصی | ہے آگے دوزخوں کی سخت تر آگ<br>نہ میرے غیر کی لاگے وہاں لاگ |
| وَلَیْسَ یَمْلِکُ الْفِرْدَوْسَ غَیْرِیْ | اَنَا الرَّازِقُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ |
| نہیں کوئی غنی کوئی قلندر<br>میں ہوں رزاق مطلق یا عبادی | جو تم کو محل دیوے بہشت اندر<br>فضل سے دوں قصور و حور و کوثر |
| اَھَلْ فِی الْخَلْقِ مَنْ یُعْطِیْ جَزِیْلًا | سِوَائِیْ لَیْسَ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ |
| خلق میں کون ایسا ہے کہ بیرنج<br>یہ میرے جود و بخشش کی صفت ہے | غریبوں پر لٹا دے یہ زر و گنج<br>لٹانے میں کروں ناسات نابخ |
| اَتَعْرِفُ غَافِرَ الذَّنْبِ غَیْرِیْ | اَنَا الْغَفَّارُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| آیا ہے جگ میں کوئی مجھ سا ستار<br>میں بخشنہار ہوں جن و بشر کا | غلاموں کے گنہ بخشے جو لکھ بار<br>دے مشرک نہ بخشونگا میں زنہار |
| **سَاغْفِرُ لِلْعِبَادِ وَلَا اُبَالِی** | **غَدَاةَ الْحَشْرِ فَاطْلُبْنِی تَجِدْنِی** |
| بخش ڈالوں کروڑوں میں گناہاں<br>نہ کوئی بھر سکے اس جائے پر دم | حشر کے دن سبھونکو دوں پناہاں<br>نہ کوئی واں کر سکے اسوقت ناہاں |
| **وَاَکْرُمُ مَنْ اُرِیْدُ بِلَا حِسَابٍ** | **اَنَا الْوَهَّابُ فَاطْلُبْنِی تَجِدْنِی** |
| جسے چاہوں اُسے دوں بہت تعظیم<br>میں ہوں وہاب میرا لطف ہی عام | خزانے بیعد بخشوں زر و سیم<br>یہ کہتا ہوں حرف از راہ تفہیم |
| **فَعِزِّنِی وَلَمْ تَرَوُا مِثْلِی** | **وَلَسْتَ تَرَاهُ فَاطْلُبْنِی تَجِدْنِی** |
| اے بندے کر تو مجھ سے آشنائی<br>نہیں میری مثل دونوں جہانیں | اسی سے پائیگا عزت بڑائی<br>قبیلہ میں تجھے نا باپ مائی |
| **وَاَکْرُمُ مَنْ یَتُوبُ اِلَیَّ خَوْفًا** | **لِیَ الْاِکْرَامُ فَاطْلُبْنِی تَجِدْنِی** |
| اے بندے خوف میرا رکھ تو دلہاں<br>کرم میرا ہے ساری خلق پر عام | کروں سب سختیاں تیری آسان<br>عبث رکھتا ہے کیوں خاطر پریشان |
| **لِیَ الْآلَاءُ وَالنَّعْمَاءُ عَبْدِی** | **لِیَ الْخَیْرَاتُ فَاطْلُبْنِی تَجِدْنِی** |
| بخشنا نعمتوں کا ہے میرا کام<br>میری خیرات ہے جاری ہمیشہ | میں ساری خلق کو دیتا ہوں نعام<br>میرے محتاج ہیں سب خاص و عام |
| **لِیَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْهَا جَمِیْعًا** | **لِیَ الْمَلَکُوتُ فَاطْلُبْنِی تَجِدْنِی** |
| میں ہوں اللہ سب میرے ہیں بندے<br>میرے دربار بن تم کہیں نہ جاؤ | گڑے مجھ شاہ کے ہر ملک جھنڈے<br>نہ ہو تم چار آنکھوں ساتھ اندھے |
| **اَتَعْرِفُ مَنْ لَهٗ اِسْمٌ کَاسْمِی** | **اَنَا الرَّحْمٰنُ فَاطْلُبْنِی تَجِدْنِی** |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| میرا سب سے نام سب ناموں سے برتر<br>میں ہوں رحماں سبکو بخشتا ہوں | مجھے لائق ہیں سب اوصاف بہتر<br>گدا کو ناں اور شاہوں کو افسر |
| أَنَا اللّٰهُ الَّذِي لَا شَيْءَ مِثْلِي | أَنَا الدَّيَّانُ فَاطْلُبْنِي تَجِدْنِي |
| میں اللہ بمثل ہوں مثل سے پاک<br>میں ہوں حاکم چلاؤں حکم سب پر | ملا دوں مدعی کو خاک درخاک<br>میرے محکوم ہیں یہ ارض وافلاک |
| أَنَا الْمَلِكُ الْمُلُوكُ وَكُلُّ مُلْكٍ | لِيَ الْمِيرَاثُ فَاطْلُبْنِي تَجِدْنِي |
| یہ سب سلطان میرے نائباں ہیں<br>میری درگاہ میں جاروب کش ہیں | اگر ہیں حاضراں یا غائباں ہیں<br>اگرچہ اپنے گھر کے صاحباں ہیں |
| أَنَا فِي الدُّهُورِ وَقَبْلَ قَبْلِي | وَبَعْدَ الْبَعْدِ فَاطْلُبْنِي تَجِدْنِي |
| فنا کی جب خلق اور پر چلے باؤ<br>رہے باقی ہماری بادشاہی | تبھی اڑجائیں سب جنگل ندی ناؤ<br>ارے ان غافلوں کو کوئی سمجھاؤ |
| أَنَا الْوَهَّابُ يَا عَبْدِي سَرِيعًا | وَلِيَ الْعَهْدُ فَاطْلُبْنِي تَجِدْنِي |
| شتابی طالبوں کے دوں ہیں مطلوب<br>میرے اوصاف جو تم کو شتا دے | وفائے عہد میرا فعل ہے خوب<br>یہی لوح وقلم میں سب ہیں مکتوب |
| أَنَا الْفَرْدُ الْمُدَبِّرُ فَوْقَ عَرْشِي | بِلَا التَّكْيِيفِ فَاطْلُبْنِي تَجِدْنِي |
| کیا ہوں خلق کی میں آپ تقدیر<br>عرش سے فرش تک میرا حکم ہے | ہے میرے حکم سے تقدیم و تاخیر<br>کردوں یک آن میں ایجاد و تغییر |
| أَنَا الرَّبُّ الَّذِي لَا ظُلْمَ عِنْدِي | وَلَسْتُ أَجُورُ فَاطْلُبْنِي تَجِدْنِي |
| میں رب العالمین ہوں ظلم سے دو<br>سدا مظلوم کی سنتا ہوں فریاد | کردں ہیں ظالموں کو خوار ورنجور<br>غریبی عاجزی ہے مجھ کو منظور |
| خَلَقْتُ مُحَمَّدًا نُورًا قَدِيمًا | لَهُ الْبُشْرٰى فَاطْلُبْنِي تَجِدْنِي |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| محمد مصطفیٰ ہیں ذات کے نور | نہیں یک آن دے مجھ قرب سے دور |
| کیا اُن کے سبب یہ سب نور | میں ناظر ہوں وہی میرے ہیں منظور |
| وَيَشْفَعُ فِي الْخَلَائِقِ يَوْمَ حَشْرٍ | أُشَفِّعُ فِيهِ فَاطْلُبْنِي تَجِدْنِي |
| محمد مصطفیٰ روز قیامت | کریں گے جملہ عالم کی شفاعت |
| وہی محبوب میرے بے شبہ و شک | کروں گا اس کو راضی بے نہایت |

اسناد دعا سریانی کی ہے

| | |
|---|---|
| ہمیشہ جو کوئی اس کو پڑھے گا | امن میں وہ سدا حق کی رہے گا |
| ورد کوئی چہل دن اس کو کرے گا | نصیبہ بخت و دولت پر رہے گا |
| ہمیشہ مقبل و مقبول ہووے | بلا سے چھوٹ کر وہ پاک ہووے |
| دعا اس کی کبھی رد کی نہ جاوے | نہ کسی کا وہ کبھی محتاج ہووے |

# قصیدہ غوثیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

| | |
|---|---|
| کہوں مولا کو اول حمد بجید | دوئم بھیجوں درود ان پر محمد |
| سوئم بر آل اور اصحاب اوپر | چہارم غوث کل اقطاب اوپر |
| سناؤں با شرح تم کو قصیدہ | مریداں سن کے ہوویں آبدیدہ |
| کلام غوث صمدانی یہی ہے | بجوش عشق یہ بتیاں کہی ہے |
| بیاں یہ جو پڑھے با شوق و لذت | خلائق میں وہ پاوے عز و رفعت |
| گیارہ بار کی رکھے جو راتب | اُسے حاصل ہوویں اعلیٰ مراتب |
| وہ دیکھے پیر کی در خواب صورت | اسی کے دل سے اڑ جائے کدورت |
| وصل کا شربت شیریں پیا جب | یہ سر باطنی ظاہر کیا تب |

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

| | |
|---|---|
| سَقَانِی الْحُبُّ کَاسَاتِ الْوِصَالِ | فَقُلْتُ لِخَمْرَتِیْ نَحْوِیْ تَعَالِ |
| قدح مجھ وصل کا حق نے پلایا | میں تب شوقِ الٰہی کو بلایا |
| سَعَتْ وَمَشَتْ لِنَحْوِیْ فِیْ کُؤُوْسٍ | فَهِمْتُ بِسُکْرَتِیْ بَیْنَ الْمَوَالِیْ |
| ای ستی نے مجھ مں جوش کیتا | تبھی یاران مے بازی کو لیتا |
| فَقُلْتُ لِسَائِرِ الْاَقْطَابِ لُمُّوْا | بِحَالِیْ وَادْخُلُوْا اَنْتُمْ رِجَالِیْ |
| کہا تب میں نے غوث وقطب آؤ | تمہیں مجھ وقت کی لذت کی پاؤ |
| وَهُمُّوْا وَاشْرَبُوْا اَنْتُمْ جُنُوْدِیْ | فَسَاقِی الْقَوْمِ بِالْوَافِیْ مَلَالِیْ |
| رکھو تم ہمت عالی اے مرداں | شراب شوق کی ابلی ہیں حوضاں |
| شَرِبْتُمْ فَضْلَتِیْ مِنْ بَعْدِ سُکْرِیْ | وَلَا نِلْتُمْ عُلُوِّیْ وَاتِّصَالِیْ |
| حضوری میں مجھے حق نے رکھا ہے | فنا فی اللہ کا میں شربت چکھا ہے |
| مَقَامُکُمُ الْعُلٰی جَمْعًا وَّلٰکِنْ | مَقَامِیْ فَوْقَکُمْ مَا زَالَ عَالِیْ |
| بڑا رتبہ ہے تم سب کا ولیکن | بڑا رتبہ میرا تم سب سے اعلےٰ |
| اَنَا الْبَازِیُّ اَشْهَبُ کُلِّ شَیْخٍ | وَمَنْ ذَا فِی الرِّجَالِ اُعْطِیْ مِثَالِیْ |
| دیا حق نے مجھے ہے باز کا زور | نہیں ہر دوں میں مجھ سا ہی کوئی اور |
| کَسَانِیْ خِلْعَةً بِطِرَازِ عَزْمٍ | وَتَوَّجَنِیْ بِتِیْجَانِ الْکَمَالِ |
| لباس خوش میرے کارن بنایا | شرف کا تاج مجھ سر میں پہنایا |
| وَاَطْلَعَنِیْ عَلٰی سِرٍّ قَدِیْمٍ | وَقَلَّدَنِیْ وَاَعْطَانِیْ سُؤَالِیْ |
| چھپا تھا بھید سو مجھ کو بتایا | فضل سے حق نے مجھ بخشی عطایا |
| وَوَلَّانِیْ عَلَی الْاَقْطَابِ جَمْعًا | فَحُکْمِیْ نَافِذٌ فِیْ کُلِّ حَالِ |
| حکم غوث وقطب ابدال اوپر | میرا جاری ہے ہر ایک حال اوپر |

Marfat.com

وَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فِیْ بِحَارٍ ۔۔۔ لَصَارَ الْکُلُّ غَوْرًا فِی الزَّوَالِ

میرے اسرار کو دردو پاوے ۔۔۔ تو پانی در زمین اسس کا سماوے

وَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فَوْقَ مَیْتٍ ۔۔۔ لَقَامَ بِقُدْرَۃِ الْمَوْلٰی تَعَالٰی

میرا اسرار میت پر جو آوے ۔۔۔ تو حکم حق سے وہ زندہ دکھاوے

وَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فَوْقَ نَارٍ ۔۔۔ لَخَمِدَتْ وَانْطَفَتْ مِنْ سِرِّ حَالِیْ

میرا اسرار گر یہ آگ بوجھے ۔۔۔ تو ٹھنڈی ہوکے مجھ حالت سے دھوجے

وَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فِیْ جِبَالٍ ۔۔۔ لَدُکَّتْ وَاخْتَفَتْ بَیْنَ الرِّمَالِ

میرا اسرار گر پاویں پہاڑاں ۔۔۔ تو ذرہ ہوکے اڑ جاویں ہزاراں

وَمَا مِنْهَا شُهُوْرٌ اَوْ دُهُوْرٌ ۔۔۔ تَمُرُّ وَتَنْقَضِیْ اِلَّا اَتَالِیْ

مہینہ یا زمانہ جب کہ آوے ۔۔۔ مجھے احوال سب اپنا سناوے

وَتُخْبِرُنِیْ بِمَا یَاْتِیْ وَیَجْرِیْ ۔۔۔ وَتُعْلِمُنِیْ فَاَقْصِرْ عَنْ جِدَالِیْ

کہے وہ نیک و بد اس پر جو گذرے ۔۔۔ کہ یاراں ناکرو مجھ ساتھ جھگڑے

مُرِیْدِیْ هِمْ وَطِبْ وَاشْطَحْ وَغَنِّ ۔۔۔ وَافْعَلْ مَا تَشَاءُ فَالِاسْمُ عَالِ

مریداں شوق سے تم راگ لاؤ ۔۔۔ میرے اس دور میں کرلو جو چاہو

مُرِیْدِیْ لَا تَخَفْ اَللّٰهُ رَبِّیْ ۔۔۔ عَطَانِیْ رِفْعَةً نِلْتُ الْمَنَالِ

مریداں نا ڈرو اللہ رب ہے ۔۔۔ کرم اس کا میرے ہر روز و شب ہے

طُبُوْلِیْ فِی السَّمَا وَالْاَرْضِ دُقَّتْ ۔۔۔ وَشَاؤُسُ السَّعَادَۃِ قَدْ بَدَالِیْ

میری نوبت دو جگ میں باجتی ہے ۔۔۔ یہی شادی مجھے سب ساجتی ہے

بِلَادُ اللّٰهِ مُلْکِیْ تَحْتَ حُکْمِیْ ۔۔۔ وَوَقْتِیْ قَبْلَ قَلْبِیْ قَدْ صَفَالِیْ

سبھی ملکوں میں ہے فرماں میرا ۔۔۔ صفا حق نے کیا دل جان میرا

نَظَرْتُ اِلٰی بِلَادِ اللّٰهِ جَمْعًا ۔۔۔ کَخَرْدَلَۃٍ عَلٰی حُکْمِ اتِّصَالِ

Marfat.com

| | |
|---|---|
| دو عالم مجھ نظر ایسا دکھانا | جیسا جنگل میں ایک رائی کا دانا |
| وَكُلُّ وَلِيٍّ عَلٰى قَدَمِيْ وَاِنِّيْ | عَلٰى قَدَمِ النَّبِيِّ بَدْرِ الْكَمَالِ |
| نبیوں کے قدم پر اولیاء ہیں | قدم مجھ پاس ختم الانبیاء ہیں |
| مُرِيْدِيْ لَا تَخَفْ وَاشٍ فَاِنِّيْ | عَزُوْمٌ قَاتِلٌ عِنْدَ الْقِتَالِ |
| مریداں نا ڈرو بدخواہ سیتی | نہیں شیروں کو ڈر روباہ سیتی |
| اَنَا الْجِيْلِيُّ مُحْيُ الدِّيْنِ اِسْمِيْ | وَاَعْلَامِيْ عَلٰى رَاْسِ الْجِبَالِ |
| لقب میرا محی الدین جیلیؒ | یہ سارے ہیں سو سب میرے طفیلی |
| اَنَا الْحَسَنِيُّ وَالْمَخْدَعُ مَقَامِيْ | وَاَعْلَامِيْ عَلٰى رَاْسِ الرِّجَالِ |
| میں حسنی ہوں بڑا رتبہ ہے میرا | حکم سب مردوں کے اوپر ہے میرا |
| وَعَبْدُ الْقَادِرِ الْمَشْهُوْرُ اِسْمِيْ | وَجَدِّيْ صَاحِبُ الْعَيْنِ الْكَمَالِ |
| اسم ہے عبد قادر میرا مشہور | میرا اسید ہے جد جوں ماہ پر نور |

## درود رضویہ

اعلیٰحضرت امام اہلسنت شاہ احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دُرود شریف ترتیب دیا ہے۔ اس کی خوبی یہ ہے کہ تین مختصر درودوں کو یکجا کر دیا گیا ہے لہٰذا جو شخص ایک مرتبہ یہ درود شریف پڑھے گا وہ حقیقتاً تین مرتبہ درود پڑھنے کے ثواب کا حق دار ہوگا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ۔ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً وَّسَلَامًا عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ۔

Marfat.com

# دعائے مُغنی

دعائے مغنی بہت مجرب ہے اور اکثر اولیائے کرام کے ورد میں رہی ہے اس دعا کو ہر جائز مقصد کے لئے پڑھا جا سکتا ہے جب کوئی مشکل پیش آجائے تو پاک وصاف پوشاک پہن کر اس دعائے مکرم کو سر برہنہ خشوع وخضوع کے ساتھ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے۔ انشاء اللہ العزیز مقصد بر آری ہوگی۔ اگر زکوٰۃ ادا کرنا چاہے تو طریقہ حسب ذیل ہے۔

عروج ماہ کے اول پنجشنبہ کو نماز فجر سے پہلے غسل کرے اور لباس معطر ومطہر پہن کر صاف ستھری جگہ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور سات مرتبہ دعائے مذکور معہ تسمیہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ بعد گزرنے ایک سو بیس دن کے زکوٰۃ پوری ہو جائے گی۔ اس کے بعد روزانہ مابین سنت و فرض نماز فجر کے ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے یا بعد نماز صبح۔

ایام زکوٰۃ میں گائے کا گوشت مچھلی۔ انڈا لہسن پیاز۔ خام ہینگ وغیرہ استعمال میں نہ ہوئے۔ بعد ادائے زکوٰۃ کوئی پرہیز نہیں۔ البتہ منہیات شرعی سے سختی سے بچتا رہے اکل حلال صدق مقال پر کوشاں اور پابند رہے اگر اتفاقی کوئی حاجت پیش آوے تین روز متواتر روزہ رکھے اور مابین سنت و فرض نماز فجر کے دعائے مذکور مع اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف تین مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اور بعد پڑھنے کے سربسجود ہو کر اللہ پاک سے بحرمت حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور بطفیل دعائے مغنی شریف حاجت طلب کرے۔

Marfat.com

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ وَبِکَ اَسْتَغِیْثُ
فَاَغِثْنِیْ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ فَاکْفِنِیْ یَا کَافِیْ اَکْفِنِیْ الْمُھِمَّاتِ
مِنْ اَمْرِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَیَا رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَیَا رَحِیْمَھُمَا
اَنَا عَبْدُکَ بِبَابِکَ فَقِیْرُکَ بِبَابِکَ سَآئِلُکَ بِبَابِکَ ذَلِیْلُکَ
بِبَابِکَ ضَیْفُکَ بِبَابِکَ مِسْکِیْنُکَ بِبَابِکَ ضَعِیْفُکَ
بِبَابِکَ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ۰ اَلطَّالِحُ بِبَابِکَ یَا غِیَاثَ
الْمُسْتَغِیْثِیْنَ ۰ مَھْمُوْمُکَ بِبَابِکَ یَا کَاشِفَ کَرْبِ الْمَکْرُوْبِیْنَ
عَاصِیْکَ بِبَابِکَ یَا طَالِبَ الْبَارِّیْنَ ۰ اَلْمُقِرُّ بِبَابِکَ یَا اَرْحَمَ
الرّٰحِمِیْنَ اَلْخَاطِئُ بِبَابِکَ یَا غَافِرَ الْمُذْنِبِیْنَ ۰ اَلْمُعْتَرِفُ
بِبَابِکَ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ۰ اَلظَّالِمُ بِبَابِکَ یَا مَامَلَ الطَّالِبِیْنَ
اَلْمُسِیْئُ بِبَابِکَ اِرْحَمْنِیْ یَا مَوْلَایَ اَنْتَ الْغَافِرُ وَاَنَا
الْمُسِیْئُ وَھَلْ یَرْحَمُ الْمُسِیْئَ اِلَّا الْغَافِرُ ۰ مَوْلَایَ مَوْلَایَ
اَنْتَ الرَّبُّ وَاَنَا الْعَبْدُ وَھَلْ یَرْحَمُ الْعَبْدَ اِلَّا الرَّبُّ
مَوْلَایَ مَوْلَایَ اَنْتَ الْمَلِکُ وَاَنَا الْمَمْلُوْکُ وَھَلْ یَرْحَمُ
الْمَمْلُوْکَ اِلَّا الْمَالِکُ ق مَوْلَایَ مَوْلَایَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ وَاَنَا
الذَّلِیْلُ وَھَلْ یَرْحَمُ الذَّلِیْلَ اِلَّا الْعَزِیْزُ ۰ مَوْلَایَ مَوْلَایَ
اَنْتَ الْقَوِیُّ وَاَنَا الضَّعِیْفُ وَھَلْ یَرْحَمُ الضَّعِیْفَ
اِلَّا الْقَوِیُّ ۰ مَوْلَایَ مَوْلَایَ اَنْتَ الْکَرِیْمُ وَاَنَا اللَّئِیْمُ

Marfat.com

وَهَلْ يَرْحَمُ اللَّئِيمَ اِلَّا الْكَرِيْمُ ۝
مَوْلَايَ مَوْلَايَ اَنْتَ الرَّزَّاقُ وَاَنَا الْمَرْزُوْقُ وَهَلْ
يَرْحَمُ الْمَرْزُوْقَ اِلَّا الرَّزَّاقُ ۝ مَوْلَايَ مَوْلَايَ اَنْتَ
الْعَزِيْزُ وَاَنَا الذَّلِيْلُ وَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ وَاَنَا الْمُذْنِبُ وَ
اَنْتَ الْقَوِيُّ وَاَنَا الضَّعِيْفُ اِلٰهِيْ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ فِيْ
ظُلْمَةِ الْقَبْرِ وَضِيْقِهَا اِلٰهِيْ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ عِنْدَ
سُؤَالِ مُنْكَرٍ وَّ نَكِيْرٍ وَّ هَيْبَتِهِمَا اِلٰهِيْ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ
عِنْدَ وَحْشَةِ الْقُبُوْرِ وَشِدَّتِهَا اِلٰهِيْ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ
فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ۝ اِلٰهِيْ اِلٰهِيْ
اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي
السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ۝ اِلٰهِيْ
اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ يَوْمَ زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝ اِلٰهِيْ
اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ يَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ ۝ اِلٰهِيْ
اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ يَوْمَ نَطْوِي السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ۝
اِلٰهِيْ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ
وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ۝ اِلٰهِيْ اَلْاَمَانُ يَوْمَ
يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ
كُنْتُ تُرَابًا ۝ اِلٰهِيْ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ
مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ۝
اِلٰهِيْ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ يَوْمَ يُنَادِيْ مِنْ بُطْنَانِ الْعَرْشِ
اَيْنَ الْعَاصُوْنَ وَاَيْنَ الْمُذْنِبُوْنَ وَاَيْنَ الْخَائِفُوْنَ

Marfat.com

وَاَيْنَ الْخَاسِرُوْنَ هَلُمُّوْا اِلَى الْحِسَابِ اَنْتَ تَعْلَمُ سِرِّيْ وَعَلَانِيَتِيْ فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِيْ وَتَعْلَمُ حَاجَتِيْ فَاَعْطِنِيْ سُؤَالِيْ (تین بار) يَا اِلٰهِيْ اٰهٍ مِنْ كَثْرَةِ الذُّنُوْبِ وَالْعِصْيَانِ اٰهٍ مِنْ كَثْرَةِ الظُّلْمِ وَالْجَفَاءِ اٰهٍ مِنَ النَّفْسِ الْمَتْرُوْدَةِ اٰهٍ مِنَ النَّفْسِ الْمَطْبُوْعَةِ لِلْهَوٰى (تین بار) اَغِثْنِيْ يَا مُغِيْثُ عِنْدَ تَغَيُّرِ حَالِيْ (تین بار) اِلٰهِيْ اِنِّيْ عَبْدُكَ الْمُذْنِبُ الْمُجْرِمُ الْمُخْطِئُ اَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنْ تَرْحَمْنِيْ فَاَنْتَ اَهْلٌ وَاِنْ تُعَذِّبْنِيْ فَاَنَا اَهْلٌ فَارْحَمْنِيْ يَا اَهْلَ التَّقْوٰى وَيَا اَهْلَ الْمَغْفِرَةِ وَيَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۞ وَيَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ ۞ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۞ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۞ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۞

## پانچ نمازوں کے بعد پڑھنے کی تسبیح

فجر کی نماز کے بعد هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ سَو بار پڑھے۔ ظہر کی نماز کے بعد هُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ سَو بار۔ عصر کی نماز کے بعد هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ سَو بار۔ مغرب کی نماز کے بعد هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ سَو بار، اور عشا کی نماز کے بعد هُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ سَو بار پڑھے۔

Marfat.com

# فضائلِ و اَسناد درُود مقدّس

درُود شریف پڑھنے کے بے شمار فضائل قرآن کریم اور احادیثِ نبوی سے ثابت ہیں۔ قرآن کریم کی مندرجہ ذیل آیت کریمہ سے درود شریف پڑھنے کی تاکید معلوم ہوگی :۔

اِنَّ اللّٰہَ وَ مَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ۵

(بیشک اللہ اور اس کے فرشتے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ بھیجتے ہیں۔ اے مسلمانو! تم بھی ان پر درُود اور سلام بھیجو)

خلاصہ کلام یہ ہے کہ اوّل تو اللہ تبارک تعالیٰ نے اپنی صلوٰۃ سے آپ کی فضیلت ظاہر کی، پھر ملائکہ کی صلوٰۃ سے مسلمانوں کو درُود اور سلام کے پڑھنے کا حکم دیا۔ اللہ تعالیٰ کی صلوٰۃ سے دُعا مُراد ہے اور مسلمانوں پر اس امر سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درُود بھیجنا فرض کیا۔ جہاں کہیں بھی حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام مبارک اور مقدس کا ذکر کیا جائے تو مسلمانوں پر درُود شریف کا پڑھنا واجب ہو جاتا ہے جمہور علمار کا یہی مذہب ہے جو مسلمان خواہ مرد ہو یا عورت اس درُود مقدس کو تعظیم و تکریم اور نیک عقیدہ کے ساتھ پڑھے گا اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس کی تمام دینی،



Marfat.com

اُخروی اور دُنیاوی حاجتیں مقاصد اور مطالب پورے ہوں گے۔
اس دُرودِ مقدس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ خوب دل لگا کر اللہ تعالیٰ کے لئے وضو کرے، پاک اور صاف کپڑے عطر لگا کر پہنے، اس کے بعد مسجد میں یا کسی دُوسری پاک اور صاف جگہ میں گیارہ بار دُرودِ مقدس قبلہ رُخ بیٹھکر خضوع اور خشوع کے ساتھ پڑھے اور اس کا ثواب سرورِ کائنات، فخرِ موجودات سرورِ عالم سید الانبیاء رسُولِ خدا حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رُوحِ اقدس کو بخشے۔ اس کے بعد جو نیک دُعا ہو اللہ تبارک تعالیٰ سے مانگے، اللہ کے فضل سے اس کی دُعا بارگاہِ الٰہی میں مقبول ہوگی۔

(دُرودِ مقدس پڑھنے سے پہلے تین بار مع بسم اللہ کے یہ پڑھیں اسکے بعد دُرودِ مقدس پڑھیں)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# دُرُودِ مقدّس

یَا اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ اَقْوَالِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اَفْعَالِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اَحْوَالِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اَصْحَابِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ بَدَنِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَطْنِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَرَکَةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَعْثَةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَرَآءِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ تَوَلُّدِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ تَعَبُّدِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ تَهَجُّدِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ ثَنَاءِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ ثَوَابِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ ثِمَالِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؕ یَا اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ جَلَالِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّجَمَالِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّجَلِّ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّجِهَةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّجَعْدِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؕ یَا اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّحُسْنِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّحَسَنَاتِ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّحُرْمَةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّحَالِ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّحُلْيَةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؕ
یَا اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّخُلُقِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّخَلْقِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّخُطْبَةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
خَيْرَاتِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؕ یَا
اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ دِيْنِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّدِيَانَةِ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّدَوْلَةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّدَرَجَاتِ
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّدُعَاءِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ

Marfat.com

علیہ وسلم یا الٰہی بحرمۃ سیدنا محمد
وذکر سیدنا محمد وذوق سیدنا محمد
صلی اللہ علیہ وسلم یا الٰہی بحرمۃ روح
سیدنا محمد وراس سیدنا محمد ورزق
سیدنا محمد ورفیق سیدنا محمد ورضاء
سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم یا
الٰہی بحرمۃ زہد سیدنا محمد وزہادۃ
سیدنا محمد وزہرۃ سیدنا محمد وزینۃ
سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم یا الٰہی
بحرمۃ سیادۃ سیدنا محمد وسعادۃ
سیدنا محمد وسنۃ سیدنا محمد و
سر سیدنا محمد وسلام سیدنا محمد
صلی اللہ علیہ وسلم یا الٰہی بحرمۃ شرع

Marfat.com

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ شَرَفِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ شَوْقِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ شَرْقِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی
اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا اِلٰهِی بِحُرْمَةِ صِدْقِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ صَوْمِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
صَلَوَاتِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ صَفَاءِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا اِلٰهِی بِحُرْمَةِ
ضِیَاءِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ ضَمِیْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّ ضَحَاءِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ ضِیَافِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
یَا اِلٰهِی بِحُرْمَةِ طَلْعَةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّ طَهَارَةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ طُهْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّ طَرِیْقِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ طَوَافِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا اِلٰهِی بِحُرْمَةِ طَاهِرِ

Marfat.com

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ ظَهرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ ظِلِّ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ ظُهورِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ ظَفرِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ یا الٰهی
بِحُرمَةِ عِشقِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عِرفَانِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّ عِلمِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عُلقِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّ عَونِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ یا
الٰهی بِحُرمَةِ غُربَةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ غَارِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّ غَرِیرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ غَیرَةِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّ غَنِیمَةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ
یا الٰهی بِحُرمَةِ فَقرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ فِرَاقِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّ فَضلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ فَضِیلَةِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ یا الٰهی بِحُرمَةِ
قُربِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ قَدرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ قَنَاعَةِ

Marfat.com

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ قُوَّةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
یَا اِلٰھِیْ بِحُرْمَةِ کَلَامِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّ کَشْفِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ کِیَاسَةِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّ کِتَابَةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ کُنْیَةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ط یَا اِلٰھِیْ بِحُرْمَةِ لَیْلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّ لِقَاءِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ لِیَاقَةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ط یَا اِلٰھِیْ بِحُرْمَةِ مِعْرَاجِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ مُجَاھِدَاتِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
مُشَاھِدَاتِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ مُلَاحِظِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّ مَسَاحَةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ
وَسَلَّمَ یَا اِلٰھِیْ بِحُرْمَةِ نُوْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ نَوَالِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ نَصِیْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ نَفِیْرِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا اِلٰھِیْ

Marfat.com

بِحُرْمَةِ وَدُوْدِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّوَقَاءِ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّوُجُوْدِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّوَدِيْعَةِ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ
هِمَّةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّهِدَايَةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّهَدْيَةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
يَا اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ يُتْمِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّيُسْرِ
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا
اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ بِعَدَدِ مَا هُوَ الْمَكْتُوْبُ فِی
اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ فِیْ كُلِّ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ وَّسَاعَةٍ
وَّنَفْسٍ وَّلَمْحَةٍ اَلْفَ اَلْفَ مِئَةِ اَلْفَ مَرَّةٍ
اِلٰی يَوْمِ الدِّيْنِ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ
وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

Marfat.com

# العلاج الاعظم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ. اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔ وَلِلّٰہِ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْہُ بِھَا۔ ترجمہ۔ اللہ ہی کے بہترین نام ہیں، تم انہیں ناموں کے ذریعے اسے پکارو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو ان ناموں کو پڑھے گا وہ جنت میں داخل ہوگا۔ قارئین کیلئے اسمائے حسنٰی باری تعالیٰ کا ترجمہ اور اس کے خواص تحریر کئے جاتے ہیں تاکہ دُنیا و آخرت کے فوائد اس سے حاصل کئے جائیں۔ اسم اعظم بھی انہیں اسمائے حسنٰی میں مل سکتا ہے۔ اس کے لئے کسی عارف باللہ عالم، عامل، بزرگ کامل کی طرف رجوع کرنا چاہیئے۔ یا کم از کم آپ اپنے نام کے عدد کے مطابق کوئی اسم اسمائے حسنٰی میں سے وظیفہ کے لئے خاص کریں اور ہمیشہ اس کا ورد رکھیں بہت ممکن ہے کہ وہ اسم آپ کے لئے اسم اعظم ہو جائے۔ اپنے نام کا عدد نکالنے کے لئے ضروری ہے کہ آپ اَبْجَدْ ھَوَّزْ وغیرہ کے عدد سے بھی واقف ہوں۔ اس لئے ان حرفوں کے عدد بھی لکھ رہا ہوں تاکہ ہر پڑھنے والا ابجد وغیرہ کے عدد سے واقف ہو جائے۔

اس کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ بچوں کی پیدائش کے سال کے مطابق تاریخی نام بھی رکھنے کا لوگوں کو شوق پیدا ہوگا۔

اَ ب ج د ہ و ز ح ط ی ک ل م ن
س ع ف ص ق ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ

اس کا مجموعہ اس طرح یاد کریں۔ اَبْجَدْ۔ ھَوَّزْ۔ حُطِّیْ۔ کَلِمَنْ۔ سَعْفَصْ۔ قَرِشَتْ۔ ثَخَذْ۔ ضَظَغْ

اسمائے حسنٰی کے مطالعے سے آپ کو معلوم ہوگا کہ دُنیا و آخرت میں کامیابی اور مشکلات کا حل اس میں موجود ہے۔ بشرطیکہ خلوص دل کے ساتھ اس کا وظیفہ کیا جائے۔ مثال کے طور پر چند عنوانات مندرجہ ذیل تحریر کئے جاتے ہیں اس کی تفصیل آپ اسمائے حسنٰی میں مطالعہ فرمالیں۔

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| روزی میں وسعت کیلئے یا باسط یا منعم | ظاہر و باطن کی صفائی کیلئے یا مہیمن یا حسیب | بلاؤں سے نجات کیلئے یا رحمٰن یا سلام |
| خیر و برکت کیلئے یا معطی یا شکور | جان و مال کی حفاظت کیلئے یا مومن یا نافع | جادو آسیب جنات سے تحفظ کیلئے یا حفیظ یا رقیب |
| محتاجی سے بچنے کیلئے یا عزیز یا مغنی | دشمن کو کچلنے کیلئے یا خافض یا قادر | مکان و دکان و دفتر کی حفاظت کیلئے یا رزاق یا حسیب |
| ہر دلعزیز ہونے کیلئے یا معز یا رافع | لڑکیوں کی شادی کیلئے یا لطیف یا حلیم | علم کی زیادتی کیلئے یا حکیم یا باعث |
| حصول عزت کیلئے یا جلیل یا کریم | حصول اولاد کیلئے یا متکبر یا واحد | دعا کی قبولیت کیلئے یا سمیع یا مجیب |
| مخلوق سے بے نیازی کیلئے یا وہاب یا واسع | اولاد نرینہ کیلئے یا بر یا بدیع | خاتمہ بالخیر کے لئے یا مؤخر یا آخر |
| تندرستی کے لئے یا عظیم یا حی | بانجھ عورت کیلئے یا مصور یا خالق | عذاب قبر سے تحفظ کیلئے یا باری یا وکیل |
| عبادت کے شوق کیلئے یا محصی یا قدوس | حفاظت حمل کیلئے یا مبدی یا سلام | حشر کی گرمی سے بچنے کیلئے یا رحیم یا کریم |
| گناہوں سے چھٹکارے کیلئے یا آخر یا ہادی | میاں بیوی میں محبت کیلئے یا ودود یا کبیر | شفاعت نصیب ہونے کیلئے یا حسیب یا تواب |
| صفائی قلب کیلئے یا باعث یا نور | گمشدہ کے لئے یا جامع یا معید | دخول جنت کیلئے یا عفو یا رافع |

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان رحم والا

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ

وہی ہے اللہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں جو ہر چھپے ہوئے اور کھلے ہوئے کا جاننے والا ہے۔ وہی بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ جو شخص بلا ناغہ یَا اَللّٰہُ یَا ھُوْ ایک ہزار مرتبہ پڑھے گا۔ وہ صاحب یقین ہوگا اس اسم کی کثرت سے شکوک و شبہات دور ہوں گے۔ اگر لا علاج مریض ہو تو اس وظیفہ کی بدولت انشاء اللہ تعالیٰ مکمل صحت حاصل ہوگی۔ نماز جمعہ سے پہلے ایک سو مرتبہ پڑھنے سے تمام امور آسان ہو جائیں گے

اَلرَّحْمٰنُ (بڑا مہربان) جو شخص روزانہ یَا رَحْمٰنُ کو ایک سو مرتبہ پڑھے گا ہر شخص اس پر مہربان ہوگا دنیا کی بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ اگر مشک یا زعفران سے لکھ کر کسی دشمن یا بد خلق کے گھر میں دفن کر دیا جائے گا تو اس میں حیا، شرافت اور نرمی پیدا ہوگی۔

اَلرَّحِیْمُ (رحم والا) تسخیر قلوب کے لئے اس کا ورد انتہائی مجرب ہے۔ کسی مصیبت یا دشمن کے خوف سے بچنے کیلئے اس کا وظیفہ کرنا چاہیئے۔ اللہ تعالیٰ دشمن سے پناہ دے گا۔ اگر اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ لکھ کر درخت کی جڑ میں دفن کر دیا جائے تو پھلوں میں برکت ہوگی۔ سچی محبت کے لئے بھی اس کا عمل نہایت

آزمودہ ہے۔

**اَلْمَلِکُ** (بادشاہ) روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھنے سے صفائی قلب حاصل ہوگی۔ دل میں نور پیدا ہوگا مال و دولت کے لئے فجر کی نماز کے بعد ایک سو بیس مرتبہ پڑھا جائے۔ مسلسل پڑھا جائے تو عزت و مرتبہ میں اضافہ ہوگا۔

**اَلْقُدُّوْسُ** (نہایت پاک) جو شخص یَا سُبُّوْحُ یَا قُدُّوْسُ روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کبھی کبھی کھا لیا کرے تو اس کے دل میں عبادت کا ذوق و شوق پیدا ہوگا۔ روحانی امراض سے نجات ملیگی دورانِ سفر پڑھنے سے تھکان اور محتاجی سے محفوظ رہے گا۔ اگر کسی میٹھی چیز پر تین سو انیس بار پڑھکر کسی کو کھلا دے تو وہ دوست ہو جائے گا۔

**اَلسَّلَامُ** (سلامتی دینے والا) مریض کے سر پہ ہاتھ رکھکر ایک سو مرتبہ پڑھکر دم کیا جائے تو بہت جلد شفائے کامل حاصل ہوگی۔

**اَلْمُؤْمِنُ** (امان بخشنے والا) ظاہر و باطن کی دولت حاصل کرنے کے لئے۔ شیطان سے تحفظ کے لئے اللہ تعالیٰ کی امان میں رہنے کے لئے بہترین وظیفہ ہے۔ اس کو لکھکر ٹوپی میں بھی رکھا جا سکتا ہے جس سے بھی ملاقات ہوگی وہ مہربان ہوگا۔

**اَلْمُهَيْمِنُ** (حفاظت فرمانے والا) جو شخص یَا مُهَيْمِنُ کا ورد کرے گا اس کے ظاہر و باطن میں نور پیدا ہوگا۔ دو رکعت نماز نفل پڑھکر اگر ایک سو مرتبہ اس کو پڑھا جائے تو بہت جلد کامیابی ہوگی۔

**اَلْعَزِيْزُ** (عزت والا) یہ اسم چالیس دن تک مسلسل بلاناغہ نماز فجر کے بعد اکتالیس بار پڑھا جائے تو اس کو اللہ تعالیٰ اتنا اعزاز بخشے گا کہ وہ کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

**اَلْجَبَّارُ** (عظمت والا) ظالم اور دشمن سے نجات کے لئے مسبعات عشر پڑھنے کے بعد دو سو چھبیس مرتبہ یہ اسم صبح و شام پڑھا جائے اللہ تعالیٰ اس کے عامل کو مال و دولت سے نوازے گا۔ عزت و منصب عطا فرمائے گا۔ دنیا والوں کی نظر میں معزز ہوگا۔ مُسَبِّعاتِ عشر صفحہ [redacted] پر ملاحظہ فرمائیں۔

**اَلْمُتَكَبِّرُ** (کبریٰ والا) لاولد یا بانجھ عورت کے لئے یہ اسم نہایت مجرب ہے۔ بیوی کے پاس جاتے وقت دس مرتبہ یہ اسم پڑھا جائے تو انشاءاللہ تعالیٰ فرزند نیک صالح عطا ہوگا۔

**اَلْخَالِقُ** (بنانے والا) صفائی قلب کے لئے جو شخص آدھی رات کے وقت میں سو تیس مرتبہ پڑھ لیا کرے

Marfat.com

اللہ تعالیٰ اس کے دل کو نورانی بنا دے گا۔ اس کے چہرہ پر ایک ایسی چمک پیدا ہوگی کہ دیکھنے والا اسکا گرویدہ ہوگا۔
**اَلْبَارِیُٔ** (پیدا کرنے والا) جو شخص یہ اسم روزانہ سات مرتبہ نماز پنجگانہ کے بعد پڑھتا رہے انشاءاللہ عذاب قبر سے محفوظ رہے گا۔ امید ہے کہ اس کی لاش بھی محفوظ رہے گی۔
**اَلْمُصَوِّرُ** (ہر ایک کو صورت دینے والا) بانجھ عورت کو چاہیئے کہ سات دن روزہ رکھے افطار کے وقت اکیس بار یا مُصَوِّرُ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اسی پانی سے افطار کرے انشاءاللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا اور فرزند صالح پیدا ہوگا۔
**اَلْغَفَّارُ** (بڑا بخشنے والا) نماز جمعہ کے بعد جو شخص یہ اسم ایک سو مرتبہ پڑھے تو مقبولوں میں شامل ہوگا تنگی ختم ہوگی بے حساب رزق ملے گا۔ اگر یہ اسم یَاغَفَّارُ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ کے ساتھ پڑھا جائے تو مزید فوائد حاصل ہوں گے۔
**اَلْقَهَّارُ** (غلبے والا) اگر کوئی شخص دنیا کی محبت میں گرفتار ہے تو یہ اسم پڑھتا رہے اللہ و رسول کی محبت سے اس کا دل معمور رہوگا۔ دشمنوں پر فتح ہوگی۔ جادو۔ ٹونہ۔ آسیب کو ختم کرنے کے لئے یہ اسم چینی کے برتن پر لکھکر اس کو پلایا جائے انشاءاللہ تعالیٰ فوراً شفا ہوگی۔
**اَلْوَهَّابُ** (بہت دینے والا) اگر کوئی شخص تنگ دست ہو تو نماز چاشت کے آخری سجدے میں یہ اسم چالیس مرتبہ اکیس دن تک پڑھے۔ فقر و فاقہ دور رہوگا۔ رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔ اگر کوئی اور مقصد ہو تو آدھی رات میں ننگے سر کھلی جگہ میں پڑھیں انشاءاللہ تعالیٰ مدعا حاصل ہوگا۔
**اَلرَّزَّاقُ** (روزی پہنچانے والا) نماز فجر سے پہلے اگر کوئی شخص مکان کے چاروں کونوں میں دس دس مرتبہ یہ اسم پڑھے تو انشاءاللہ تعالیٰ وہ مکان ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔ اور غیب سے روزی آئے گی۔ دکان۔ دفتر۔ کان باغات وغیرہ کی حفاظت و برکت کے لئے بھی یہ اسم مجرب ہے۔
**اَلْفَتَّاحُ** (فیصلہ کرنے والا) جو شخص یہ اسم بعد نماز فجر سینے پر دونوں ہاتھ رکھکر ستر مرتبہ پڑھے تو اس کا دل نور ایمان سے منور ہوگا۔ اور اس کی قسمت کھل جائے گی۔
**اَلْعَلِيْمُ** (جاننے والا) اگر اس کا ورد زیادہ کیا جائے تو معرفت الٰہی نصیب ہوگی۔ صاحب کشف ہونے کے لئے ہر نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھا جائے۔ قوت حافظہ کے لئے رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا کا ورد بعد نماز حسب طاقت کرنا چاہیئے۔

Marfat.com

**اَلْقَابِضُ** (تنگی کرنیوالا) یہ اسم اگر چالیس دن تک روزانہ ایک ٹکڑے پر لکھکر کھلایا جائے تو رزق میں کشادگی ہوگی۔ اور درد چوٹ زخم کی تکلیف محسوس نہ ہوگی۔

**اَلْبَاسِطُ** (کھولنے والا) صبح کی نماز کی دعا کے بعد یا باسط دس مرتبہ پڑھکر دونوں ہاتھ منہ پر پھیر لیا کریں۔ محتاجی دور ہوگی۔ رزق میں وسعت ہوگی۔

**اَلْخَافِضُ** (نیچا کرنے والا) اگر سخت دشمن سے سابقہ پڑجائے تو اس کو کچلنے کے لئے سات ہزار مرتبہ یہ اسم تھوڑی سی مٹی پر پڑھکر دم کریں اور دشمن کے دروازے پر پھینک دیں دشمن مغلوب ہوگا یا تین روزے رکھکر چوتھے دن ایک ہی مجلس میں پانچ سو مرتبہ یا خافض کا ورد کریں دشمن برف کی طرح پگھل جائیگا۔

**اَلرَّافِعُ** (بلند کرنے والا) جو شخص رات میں سوتے وقت سو مرتبہ یہ اسم پڑھے گا وہ ہر دلعزیز ہوگا اور روز بروز مخلوق میں اس کی عزت بڑھتی جائے گی۔ آفت و بلا سے بھی محفوظ رہے گا۔

**اَلْمُعِزُّ** (عزت دینے والا) جو شخص جمعہ یا ہفتے کی رات نماز مغرب کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھے تو مخلوق میں صاحب توقیر ہوگا۔ لوگوں کے دلوں میں اس کی ہیبت پیدا ہوگی۔

**اَلْمُذِلُّ** (ذلت دینے والا) اگر کسی ظالم کا خوف ہو تو پچھتر مرتبہ یہ اسم نماز نفل میں سجدے میں پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ ظالم ظلم چھوڑ دے گا یا تباہ ہو جائیگا۔ حاسد کے حسد سے بھی حفاظت ہوگی۔ اگر کسی نے حق روک لیا ہے تو ادا کردے گا۔

**اَلسَّمِیْعُ** (سُننے والا) دعاؤں کی قبولیت کے لئے جمعرات کے دن نماز چاشت کے بعد پانچ سو مرتبہ پڑھا جائے۔ اگر ہمیشہ اس کا ورد رکھے تو مستجاب الدعوات ہوگا یعنی اس کی دعائیں قبول ہوں گی۔

**اَلْبَصِیْرُ** (دیکھنے والا) جو شخص جمعہ کی سنت اور فرضوں سے پہلے یہ اسم سو مرتبہ پڑھے وہ عارف باللہ ہوگا۔ اور اس کا دل نور ہدایت سے منور ہوگا۔

**اَلْحَکَمُ** (فیصلہ کرنے والا) اگر سخت مہم درپیش ہو تو چلتے پھرتے اس اسم کا ورد کرے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل آسان ہوگی۔ اور ہر نیک کام میں کامیابی ہوگی۔ کشف والہام کی بھی قدرت پیدا ہوگی۔

**اَلْعَدْلُ** (انصاف کرنے والا) اگر کوئی چاہے کہ لوگ اس کے تابعدار ہو جائیں تو جمعہ کی رات کو روٹی کے بیس ٹکڑوں پر لکھکر کھلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام مخلوق مسخر ہوگی۔

**اَللَّطِیْفُ** (بڑا باریک بین) اگر یہ اسم باوضو ایک سو مرتبہ پڑھا جائے تو دلی مراد پوری ہوگی خاصکر کنواری

Marfat.com

لڑکی کی شادی کے لئے اس کا وظیفہ بے حد مجرب ہے مسلسل ۲۱ روز تک بعد نماز عشاء با وضو پڑھا جائے اوّل آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

**اَلْخَبِيْرُ** (خبر رکھنے والا) جو شخص اس کو سات روز تک پڑھے گا اس پر اسرار پوشیدہ ظاہر ہوں گے مؤمن کی فراست سے نوازا جائے گا نفس کے شر سے رہائی پائے گا۔ اگر کسی مشکل میں ہوگا تو اس سے نجات پائیگا۔

**اَلْحَلِيْمُ** (بُردبار) جو شخص صنعت وحرفت کھیتی باڑی میں ترقی چاہتا ہو تو یا حلیم کاغذ پر لکھکر پانی میں گھول دے۔ اور وہ پانی کھیت، باغات، اوزار وغیرہ پر چھڑک دے۔

**اَلْعَظِيْمُ** (بزرگ) عزت، دولت صحت کے لئے اور آفتوں سے نجات اور بیماری سے شفا کے لئے یہ اسم بارہ مرتبہ کسی بھی نماز کے بعد پڑھیں اور ایک ہفتہ تک وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمُ کا ورد بھی رکھیں۔

**اَلْغَفُوْرُ** (گناہ مٹانے والا) بیمار کو یہ اسم کاغذ پر زعفران سے لکھکر تین دن تک پلایا جائے۔ اگر بخار ہو تو سات مرتبہ روشنائی سے کاغذ پر لکھکر مریض کے گلے میں ڈال دیں شفا ہوگی۔ اگر زبان بند ہوگئی ہو تو اس اسم کے ساتھ سید الاستغفار لکھکر مریض کو پلائیں۔ سید الاستغفار کا ورد خاتمہ بالخیر کے لئے مال واولاد میں برکت کے لئے تجارت میں ترقی کے لئے بے حد مجرب ہے۔ اگر سات مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کرکے باغ کے تمام پودوں میں چھڑک دیا جائے تو درخت پھلوں سے بھر جائیں گے۔

**اَلشَّكُوْرُ** (صلہ دینے والا) اگر آنکھوں میں روشنی کم ہوگئی ہو تو یہ اسم اکتالیس بار پانی پر پڑھکر آنکھوں پر ملا جائے تو نگاہ ٹھیک ہوجائے گی۔ اگر کسی رنج وغم میں مبتلا ہو یا معاش میں تنگی ہو تو روزانہ اکتالیس مرتبہ نماز فجر کے بعد اکیس روز تک پڑھیں، کامیابی ہوگی۔

**اَلْعَلِيُّ** (اونچا) عزت وحرمت کی بلندی کے لئے بچہ کو جلد طاقتور جوان بنانے کے لئے۔ سفر سے بخیر واپسی کے لئے حصول دولت کے لئے اس کے علاوہ دیگر مقاصد کے لئے اس کا تعویذ بنا کر گلے میں ڈالا جائے اور گیارہ دن تک ہر نماز کے بعد جس قدر ہوسکے اس اسم کا ورد کیا جائے۔

**اَلْكَبِيْرُ** (بڑا) جو شخص اس اسم کو ہمیشہ بعد نماز سات مرتبہ پڑھ لیا کرے وہ ہر دشمن سے محفوظ رہے گا۔ ہر بلا اور آفت اس سے دور ہوگی۔ اگر کوئی زہریلا جانور کاٹ لے تو زہر اثر نہ کرے گا۔

**اَلْحَفِيْظُ** (نگہبان) جو شخص یا حفیظ بکثرت وظیفہ کرے اور اس کا تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے تو پوری زندگی بے خوف رہے گا۔ اگرچہ وہ درندوں کے درمیان ہو یا آگ میں گھر گیا ہو یہاں تک کہ آسیب وجنات

Marfat.com

کا بھی اس پر کوئی اثر نہ ہوگا۔

**اَلْمُقِيْتُ** (روزی دینے والا) اگر روزہ دار پر روزہ ناقابل برداشت ہو تو اس اسم کو مٹی پر لکھکر سونگھا جائے تو قوت و غذائیت حاصل ہوگی۔ دورانِ سفر پانی پر دم کر کے پئیں تو پیاس ختم ہو جائیگی۔

**اَلْحَسِيْبُ** (کفایت کرنے والا) رات میں سوتے وقت روزانہ یَاحَسِیْبُ ستر مرتبہ پڑھا جائے تو دشمنوں کی دشمنی، چوروں کے خوف، ہمسایہ کی بدی یہ تمام مقاصد سات دن کے وظیفہ سے حاصل ہو جائیں گے۔ یہ وظیفہ جمعرات کو شروع کیا جائے اس دوران حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے پڑھتے رہیں۔ ہر مشکل سے نجات ہوگی۔

**اَلْجَلِيْلُ** (بزرگی والا) جو شخص یَاجَلِیْلُ بکثرت نماز کے بعد پڑھتا رہے تو لوگوں کے دلوں میں اس کی ہیبت پیدا ہوگی۔ اگر اس کا تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے تو لوگوں میں صاحب عزت ہوگا۔

**اَلْكَرِيْمُ** (کرم کرنے والا) عزت و کرامت کے لئے یہ اسم بے حد مجرب ہے۔ سوتے وقت اس کو پڑھتے پڑھتے سو جائیں بہت جلد اثر ہوگا۔ بعض صوفیا نے کہا ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم اس اسم کے عامل تھے اس وجہ سے ان کو کَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ کا خطاب ملا۔

**اَلرَّقِيْبُ** (نگہبان) یَارَقِیْبُ کا وِرد خاص کر حفاظتِ حمل کے لئے ہے۔ مال و اولاد کی حفاظت کے لئے بھی مجرب ہے۔ دشمنوں اور چوروں کے خطرات سے بھی محفوظ رہے گا۔

**اَلْمُجِيْبُ** (قبول کرنے والا) جو شخص اس کو پڑھتا رہے یا اس کا تعویذ گلے میں ڈالے تو گم شدہ چیز واپس مل جائے گی۔ اگر حمل ضائع ہونے کا خطرہ ہو تو عورت سات روز تک اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھکر سات مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ بچہ ضائع نہ ہوگا۔ اگر مسافر کی پیٹھ پر ہاتھ رکھکر سات مرتبہ پڑھا جائے تو دورانِ سفر محفوظ رہے گا۔ دعا کی قبولیت کے لئے بھی اس کا وِرد کیا جائے۔

**اَلْوَاسِعُ** (وسعت دینے والا) صبر و قناعت، مال و دولت کے حصول کے لئے یہ اسم بے حد مجرب ہے، نماز عصر کے بعد خاص طور سے ایک سو مرتبہ یَاوَاسِعُ پڑھا جائے

**اَلْحَكِيْمُ** (حکمت والا) علم کی زیادتی اور حکمت کے دروازے کھولنے کے لئے آدھی رات میں یہ اسم ایک سو اکیس مرتبہ اکیس دن تک پڑھا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی اور ہر مصیبت سے بھی نجات ملے گی۔

**اَلْوَدُوْدُ** (دوستی کرنے والا) یہ اسم اگر ایک ہزار بار کھانے پر پڑھکر بیوی کے ساتھ کھانا کھائے تو میاں بیوی

Marfat.com

میں بے پناہ محبت ہوگی۔ اور ساتھ ہی اللہ ورسول کی محبت سے دل سرشار ہوگا۔ محبت الٰہی کے لئے ضرور اس کا ورد کرنا چاہیئے۔

**اَلْمَجِیْدُ** (عزت والا) اگر کسی شخص کو جذام (کوڑھ) ہو جائے تو وہ ایام بیض یعنی چاند کی ۱۳۔۱۴۔۱۵ کو روزے رکھے اور افطار کے بعد مسلسل یَامَجِیْدُ کو نمازِ عشاء تک پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالےٰ تین دن میں اس کا اثر دیکھ لے گا۔

**اَلْبَاعِثُ** (قبر سے اٹھانے والا) جو شخص سوتے وقت اپنا ہاتھ سینے پر رکھکر سو مرتبہ پڑھے اس کا دل علم و حکمت سے منوّر ہوگا۔ گناہ سے نفرت ہوگی۔ نیکی سے رغبت اور دل صاف ہوگا۔

**اَلشَّهِیْدُ** (موجود) یہ اسم صبح کے وقت آسمان کی طرف منہ کر کے اکیس مرتبہ پڑھا جائے تو اولاد نیک کردار اور پرہیزگار ہو جائے۔ اگر بیوی کے سر پر ہاتھ رکھکر پڑھے تو اس کے دل میں بے حد محبت پیدا ہوگی۔

**اَلْحَقُّ** (ثابت کرنیوالا) اگر کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو کاغذ کے چاروں کونوں پر اس کو لکھکر آدھی رات کے وقت ہتھیلی پر رکھکر آسمان کی طرف دیکھتا رہے اور پانچ سو مرتبہ یَاحَقُّ پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ چیز مل جائے گی یا پتہ چل جائے گا۔

**اَلْوَكِیْلُ** (کارساز) رزق کی کشادگی کے لئے ہے۔ اور اگر آندھی طوفان میں کوئی پھنس جائے تو بکثرت اس کا ورد کرے ساتھ ہی حَسْبِیَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ بھی پڑھے۔

**اَلْقَوِیُّ** (طاقتور) اگر دشمن کا خوف ہو تو اس کی ہلاکت کے لئے بعد نماز عشاء ایک ہزار بار اس کا ورد کرے دشمن ہلاک ہوگا یا اس کے شر سے محفوظ ہوگا۔ مگر یہ یقین کرنا ضروری ہے کہ دشمن ظالم ہے اور یہ مظلوم ہے۔ اگر ناحق دشمن پر اس کے خلاف یہ عمل کیا تو پڑھنے والا گنہگار ہوگا۔

**اَلْمَتِیْنُ** (بہت مضبوط) اگر ماں کا دودھ کم ہوگیا ہو تو یہ اسم کاغذ پر لکھکر پانی میں گھول کر خود پیئے اور کچھ چھاتیوں پر لگایا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ دودھ میں زیادتی ہوگی۔ اگر اولاد فسق و فجور میں مبتلا ہو جائے تو دس مرتبہ پڑھکر اس پر دم کریں۔ اور بچوں سے بھی اس کا ورد کرائیں

**اَلْوَلِیُّ** (دوست) حسن عمل کی توفیق کے لئے جمعہ کی شب میں ایک ہزار مرتبہ پڑھا جائے۔ دشمن کی بدنیتی بھانپنے کے لئے بھی اس کا ورد مجرب ہے۔ اگر بیوی یا اولاد بدکاری کی طرف مائل ہو تو ان کے سامنے چالیس روز تک اس اسم کو پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پارسائی اور پرہیزگاری پیدا ہوگی۔

Marfat.com

**اَلْحَمِيْدُ** (تعریف کیا ہوا) اگر طبیعت نیکی پر مائل نہ ہو اور برائی کی عادت نہ چھوٹتی ہو تو چالیس دن تک تنہائی میں یہ اسم پڑھا جائے جلد ہی اخلاق اچھے ہو جائیں گے۔

**اَلْمُحْصِيْ** (گھیرنے والا) مخلوق کی تسخیر کے لئے ہے۔ اگر طبیعت عبادت کی طرف مائل نہ ہوتی ہو تو سوتے وقت اپنا ہاتھ سینے پر رکھ کر سات مرتبہ یہ اسم پڑھے بہت جلد عبادت و ریاضت کا شوق پیدا ہوگا۔ عذاب قبر کا خطرہ ہو تو اس سے بھی محفوظ رہے گا جمعہ کی رات کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ لیا کرے تو بے حساب جنت میں داخل ہوگا۔

**اَلْمُبْدِئُ** (پیدائش کی ابتدا کرنے والا) حمل ظاہر ہونے کے بعد جو شخص اپنی بیوی یا محرم کے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر ایک ہفتہ تک ننانوے مرتبہ یہ اسم پڑھ کر دم کرے تو حمل محفوظ ہوگا۔ اور اگر حمل نو ماہ سے زیادہ ہو جائے تو بھی اس کے ورد سے جلد لڑکا پیدا ہوگا۔

**اَلْمُعِيْدُ** (دوبارہ پیدا کرنے والا) نسیان یعنی بھول چوک و بیماری سے شفا کے لئے اس کا ورد بے حد مجرب ہے اگر کوئی شخص غائب ہو جائے یا کوئی چیز گم ہو جائے تو گھر کے صحن میں یہ اسم ایک ہزار مرتبہ سوتے وقت پڑھا جائے اور گم شدہ کا تصور کیا جائے جلد واپس آئے گا یا خبر مل جائے گی۔

**اَلْمُحْيِيْ** (زندہ کرنے والا) عذاب قبر سے تحفظ کے لئے اس کا ورد ہر جمعہ کو نماز کے بعد سو مرتبہ کر لیا کریں اگر گرفتاری یا جیل کا ڈر ہو تو سات روز تک ہر نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھیں

**اَلْمُمِيْتُ** (مارنے والا) بغیر حساب جنت میں داخلے کے لئے ہر نماز کے بعد سینے پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ پڑھ کر اپنے گریبان میں دم کرے بری عادت چھوٹ جائے گی۔ عبادت کا ذوق پیدا ہوگا۔

**اَلْحَيُّ** (زندہ) لاعلاج مریض کے لئے روزانہ تین ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہی پانی مریض کو پلایا جائے عام بیماری میں چینی کے برتن میں گلاب و مشک سے گیارہ مرتبہ لکھ کر پانی سے دھو کر بیمار کو پلایا جائے۔ یا اکیس مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں۔

**اَلْقَيُّوْمُ** (خود زندہ دوسروں کو زندہ رکھنے والا) تسخیر قلوب کے لئے بعد نماز فجر پانچ سو مرتبہ اونچی آواز سے یاحی یاقیوم کا ورد کریں۔ ہر مصیبت میں یہ وظیفہ کارساز ہے۔

**اَلْوَاجِدُ** (پانے والا) صفائی قلب اور نور ایمان کے لئے کھانے کے دوران ہر ایک دو لقمہ کے بعد اس کو پڑھ لیا جائے دل میں وجد پیدا ہوگا معرفت کا مقام حاصل ہوگا

**اَلْمَاجِدُ** (بزرگی والا) کفار و مشرکین پر دھاک بٹھانے کے لئے یا ظالم کو مرعوب کرنے کے لئے بے حد مجرب ہے

Marfat.com

یَامَاجِدُ کی کثرت سے حال طاری ہوگا نور عرفان بھی حاصل ہوگا۔

**اَلْوَاحِدُ** (یکتا) اولاد صالح کے لئے ہے۔ اس کا تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے۔ اگر تنہائی میں ڈر لگتا ہو تو اس کو پڑھتا رہے دل سے خوف جاتا رہے گا۔ دل میں قوت وہمت حاصل ہوگی۔

**اَلْاَحَدُ** (اکیلا) اس کی تلاوت سے بھی وحشت دور ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کی مدد حاصل ہوگی۔ بعض علماء نے اس کو بھی اسم اعظم بتایا ہے۔ بوقت ضرورت کثرت سے اس کا وظیفہ کریں۔

**اَلصَّمَدُ** (بے نیاز) ظالم سے نجات، بھوک سے حفاظت، مخلوق سے بے پرواہ ہونے کے لئے۔ صدیقوں میں شمولیت کے لئے نماز فجر کے بعد ایک سو گیارہ مرتبہ یَاصَمَدُ پڑھا جائے۔

**اَلْقَادِرُ** (طاقت والا) دشمن کو ذلیل و رسوا کرنا مقصود ہو تو وضو کے دوران یَاقَادِرُ پڑھتا رہے پھر دو رکعت تحیۃ الوضو کے بعد ایک سو ایک مرتبہ پڑھکر دشمن کا تصوّر کر کے اس کی طرف دم کرے فوراً اثر ہوگا۔

**اَلْمُقْتَدِرُ** (قدرت والا) صبح بیدار ہوتے ہی یَامُقْتَدِرُ پڑھ لیا کرے تو دن بھر کے تمام اچھے کام آسان ہو جائیں گے۔ عبادت کا شوق پیدا ہوگا۔ غفلت دور ہوگی۔

**اَلْمُقَدِّمُ** (بڑھانے والا) تنہائی میں ڈر لگتا ہو تو یَامُقَدِّمُ پڑھتا رہے بے خوف ہوگا۔ اور ہر اذیت و بلا سے محفوظ رہے گا۔ اگر میدان جنگ ہو تو زخمی نہ ہوگا دشمن پر فتح حاصل ہوگی۔

**اَلْمُؤَخِّرُ** (پیچھے کرنے والا) جو شخص یَامُؤَخِّرُ کا ورد کرے گا اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔ توبہ نصیب ہوگی خدا و رسول کا مطیع و فرمانبردار رہوگا۔

**اَلْاَوَّلُ** (سب سے پہلا) دوران سفر یَااَوَّلُ کا وظیفہ بے حد مفید ہے۔ پوری کامیابی کے ساتھ اپنے اہل و عیال میں واپس ہوگا۔ بھاگے ہوئے کو واپس لانے کے لئے بعد نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔

**اَلْاٰخِرُ** (سب سے آخر میں رہنے والا) اگر کسی شخص نے زندگی بھر نیک عمل نہ کیا ہو تو یَااٰخِرُ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھا کرے۔ توبہ قبول ہوگی۔ خاتمہ بالخیر ہوگا۔

**اَلظَّاهِرُ** (سب سے ظاہر) جو شخص نماز اشراق کے بعد یَاظَاهِرُ پانچ سو مرتبہ پڑھے اس کی آنکھوں میں چمک پیدا ہوگی۔ دل میں روشنی ہوگی۔

**اَلْبَاطِنُ** (سب سے پوشیدہ) اگر کسی شخص کے دل میں برے وسوسے پیدا ہوں تو یَابَاطِنُ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھ لیا کرے گندے خیالات دل سے نکل جائیں گے۔ یہ چاروں اسماء ایک آیت میں موجود ہیں هُوَ الْاَوَّلُ

وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ؕ اگر یہ آیت تلاوت کی جائے تو بیک وقت چاروں اسماء کے فوائد حاصل ہوں گے۔

**اَلْوَالِیُ** (کام بنانے والا) اگر کوئی شخص بارش یا سیلاب میں پھنس گیا ہو تو یَا وَالِیُ کا ورد کرے ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔ اگر سیلاب کا خطرہ ہو تو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پورے گھر میں چھڑکے سیلاب سے محفوظ رہے گا۔

**اَلْمُتَعَالِیُ** (سب سے اونچا) اگر حیض تکلیف سے آتا ہو تو حیض والی یَا مُتَعَالِیُ کا وظیفہ پڑھتی رہے تکلیف سے نجات ہوگی۔ اور شوہر کے دل میں بے پناہ محبت پیدا ہوگی۔

**اَلْبَرُّ** (نیکوکار) جس شخص کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو وہ یَا بَرُّ سات مرتبہ پڑھکر بچہ پر دم کرے اور اللہ کے سپرد کر دے بچہ تمام بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ شرابی زانی یہ اسم پڑھنا شروع کر دے تو اس کے دل سے گناہوں کی رغبت دور ہوگی نیکی کا جذبہ پیدا رہوگا۔

**اَلتَّوَّابُ** (توبہ قبول کرنے والا) نماز چاشت کے بعد جو شخص یَا تَوَّابُ تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے گا اس کو سچی توبہ نصیب ہوگی۔ خاتمہ بالخیر ہوگا۔ ظالم پر پڑھیں تو ہلاک ہو جائے گا۔

**اَلْمُنْتَقِمُ** (بدلہ لینے والا) اگر دشمنوں کو راضی کرنا مقصود ہو تو یَا مُنْتَقِمُ تین جمعہ کی راتوں کو نماز عشاء کے بعد سو مرتبہ پڑھے دشمن راضی یا ہلاک ہو جائے گا۔

**اَلْعَفُوُّ** (معاف کرنے والا) جو شخص مغفرت سے مایوس ہو وہ یَا عَفُوُّ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ خاتمہ بالخیر ہوگا۔ بغیر حساب جنت میں داخل ہوگا۔

**اَلرَّءُوْفُ** (مہربان) اگر کسی حاکم، افسر کے پاس جانا ہو یا ظالم سے حق لینا ہو تو یَا رَءُوْفُ پڑھتا ہوا اس کے سامنے جائے کامیابی ہوگی۔

**مَالِكُ الْمُلْكِ** (ملک کا مالک) نماز فجر کے بعد جو شخص ایک سو مرتبہ یَا مَالِكَ الْمُلْكِ پڑھے تو نحوست دور ہوگی۔ تونگری بے حساب آئے گی۔ کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

**ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ** (عظمت اور بزرگی والا) اگر کوئی مہم درپیش ہو تو بعد نماز عشاء سو مرتبہ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ پڑھ لیں ہر مشکل آسان ہوگی۔

**اَلْمُقْسِطُ** (انصاف کرنے والا) دل میں شیطانی وسوسے پیدا ہوتے ہوں تو یَا مُقْسِطُ بعد نماز عصر روزانہ سو مرتبہ پڑھ لیں دل روشن ہوگا اور ہر مقصد حاصل ہوگا۔

Marfat.com

**اَلْجَامِعُ** (جمع کرنیوالا) جو شخص یَا جَامِعُ کا وظیفہ ہمیشہ پڑھتا رہے اللہ تعالیٰ اس کو اچھے دوست احباب عطا فرمائے گا۔ اگر کسی کے اہل وعیال جدا ہو گئے ہوں تو اتوار کے دن صبح غسل کرے اور یَا جَامِعُ پڑھکر ایک ایک انگلی بند کرتا جائے اور آسمان کی طرف دیکھتا رہے۔ جب دسوں انگلیاں بند ہو جائیں تو ہاتھ منہ پر پھیرے۔

**اَلْغَنِیُّ** (بے پرواہ) اگر کوئی شخص کسی مصیبت یا بلا میں گرفتار ہو جائے یا مرض میں مبتلا ہو تو یَا غَنِیُّ ستر مرتبہ پڑھکر ہاتھوں پر دم کرے اور تمام بدن کا مسح کرے۔

**اَلْمُغْنِیُّ** (بے پرواہ کرنیوالا) یَا مُغْنِیُّ مسلسل پڑھا جائے تو مخلوق سے بے نیازی حاصل ہوگی۔ اگر صبح وشام سو سو مرتبہ پڑھیں تو ظاہر وباطن کی دولت حاصل ہوگی۔

**اَلْمُعْطِیُّ** (دینے والا) دعا کے وقت یَا مُعْطِیَ السَّائِلِیْنَ کے ورد سے دعا قبول ہوگی۔ غنا حاصل ہوگا مخلوق سے بے نیازی ہوگی۔ طبیعت میں سخاوت پیدا ہوگی۔

**اَلْمَانِعُ** (روکنے والا) جس شخص کی بیوی نافرمان ہو تو سوتے وقت یَا مَانِعُ سو مرتبہ پڑھیں۔ بیوی کے دل میں محبت پیدا ہوگی۔ جائز محبت کے لئے بھی اس کا عمل کیا جا سکتا ہے۔

**اَلضَّارُّ** (نقصان پہنچانیوالا) اگر کوئی شخص کہیں ٹھہرنا چاہتا ہو۔ اور یہ معلوم کرنا چاہتا ہو کہ اس کا ٹھہرنا مفید ہے یا مضر تو ایام بیض کے روزے رکھے۔ اور افطار کے وقت یَا ضَارُّ سو مرتبہ پڑھے تو اس کو معلوم ہو جائیگا کہ وہ جگہ اس کے حق میں اچھی ہے یا بُری۔ چاند کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخ کو ایام بیض کہتے ہیں۔

**اَلنَّافِعُ** (نفع پہنچانیوالا) بیوی سے محبت اور اولاد صالح کیلئے سوتے وقت یَا نَافِعُ سو مرتبہ پڑھا جائے دوران سفر یَا نَافِعُ کا ورد بے حد نفع بخش ہے۔

**اَلنُّوْرُ** (روشنی کرنیوالا) جو شخص جمعہ کی رات میں بعد نماز عشا گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھکر یَا نُوْرُ ہزار مرتبہ پڑھے تو اسرار الٰہی ظاہر ہوں گے۔ اور تمام جسم نور سے منور ہو جائے گا۔

**اَلْهَادِیُ** (راہ دکھانیوالا) جو شخص رات میں کسی وقت اٹھکر دعا کیلئے آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر پانچ سو مرتبہ یَا هَادِیُ پڑھے تو دل ہدایت پر مضبوط ہوگا۔ اور جلد معرفت حاصل ہوگی۔

**اَلْبَدِیْعُ** (بغیر ذریعہ کے پیدا کرنیوالا) کوئی غم یا مصیبت یا کوئی مہم درپیش ہو تو بارہ روز تک بعد نماز عشاء بارہ سو مرتبہ یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ پڑھے تو بارہ دن کے اندر تمام مقاصد میں کامیابی ہوگی۔ استخارہ کرنا ہو تو سوتے وقت پڑھکر بغیر کسی سے بات کئے سو جائے خواب میں صحیح بات معلوم ہو جائے گی۔

Marfat.com

**اَلْبَاقِیُ** (ہمیشہ رہنے والا) بعد نماز فجر جو شخص یَا بَاقِیُ ایک ہزار مرتبہ پڑھے ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔ صدقہ جاریہ کرنے کی توفیق ہوگی۔ دولت کبھی ختم نہ ہوگی۔

**اَلْوَارِثُ** (مالک) طلوع آفتاب سے پہلے جو شخص یَا وَارِثُ سو مرتبہ پڑھتا رہے عذاب قبر سے محفوظ رہے گا شک و شبہ دل سے نکل جائے گا۔

**اَلرَّشِیْدُ** (سیدھی تدبیر والا) اگر کوئی چیز گم ہو گئی ہو یا کسی معاملہ میں فیصلہ نہ کر سکتا ہو تو یَا رَشِیْدُ نماز مغرب و عشاء کے درمیان ہزار مرتبہ پڑھے تو گم شدہ چیز مل جائے گی اور قوت فیصلہ پیدا ہوگی۔

**اَلصَّبُوْرُ** (بڑا تحمل کرنیوالا) دن نکلنے سے پہلے اگر کوئی شخص یَا صَبُوْرُ سو مرتبہ پڑھے تو دن بھر اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گا۔ اگر بیماری یا درد ہو تو تیس ہزار مرتبہ اس کو پڑھے۔

**وضاحت**:۔ اسمائے حسنیٰ کا عمل کرتے وقت اس اسم کے لفظ اور ترجمہ پر پوری توجہ رکھیں تاکہ عمل میں جلد سے جلد کامیابی ہو جس نام کا عمل شروع کریں اس کو یا کے ساتھ پڑھیں جیسے یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا رَشِیْدُ یَا صَبُوْرُ وغیرہ۔ اللہ تعالےٰ کے ننانوے ناموں کے علاوہ بھی سینکڑوں نام ہیں۔ مگر یہ مشہور نام لکھے گئے ہیں جن کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے۔ ان کے علاوہ بہت سے مشہور اسمائے حسنیٰ ہیں جن کو کسی محدث نے مجموعی طور پر روایت نہیں کیا۔ مثلاً اَلسَّتَّارُ، اَلرَّبُّ، اَلْغَافِرُ۔ اَلْمُقِیْتُ

مُرتبہ

رضاء المصطفیٰ اعظمی خطیب نیو میمن مسجد کراچی

# فائدہ جلیلة

درود اکبر میں یا کسی اور کتاب میں جہاں کہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وصف میں لفظ قُرَیْشِی یا لفظ قُرَشِی لکھا ہے اس کو دونوں طرح پڑھنا درست ہے (صراح۔ المنجد)

بعض کتب میں قُرَیْشِی اور قُرَشِی کے درمیان معنوی فرق لکھا گیا ہے وہ غلط ہے۔

Marfat.com

# علاج برائے دفع چشم یعنی نظرِ بد مع آیاتِ شفا

نظرِ بد ایک زہر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے بعض آدمیوں کی آنکھوں میں اس کو رکھا ہے جیسے کہ بچھّو کے ڈنک اور سانپ کے منہ میں زہر ہے اسی طرح آدمی کی آنکھ میں بھی زہر کا اثر ہے اسی وجہ سے نظرِ بد کا لگنا برحق ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ غیر کی نظر لگے بلکہ بعض اوقات اپنی ہی نظر لگ جاتی ہے۔ نظرِ بد کا لگنا صرف آدمی تک محدود نہیں ہے بلکہ بچے، جانور، کھیتی، باغ، مکان، دولت اور مال اسباب ہر چیز پر نظر لگ سکتی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآنی آیات اور دعائیں بتائی ہیں: اُن کا ذکر آگے ہوگا۔ نظرِ بد سے بچنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ جب بھی آپ کو کوئی چیز پسند آئے مثلاً مال، اولاد، زوجہ، مکان یا کوئی بھی چیز اچھی معلوم ہو اور آپ اس کی برجستہ تعریف کریں تو ساتھ ہی فوراً "ماشاء اللہ" بھی کہہ دیں۔ نظر کا اثر اس چیز سے زائل ہو جائے گا۔ اگر کسی کو معلوم ہو کہ میری نظر لگ جاتی ہے تو کسی اچھی چیز کو دیکھتے ہی اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلَیْہِ کہدے اس کلمہ کی برکت سے نظر اثر نہیں کرے گی۔ صراط المستقیم میں امام ابو قاسم قشیری سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ ایک لڑکا بیمار ہوا اور کسی علاج و دوا سے افاقہ نہیں ہوا یہاں تک کہ مرنے کے قریب حالت ہو گئی۔ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت ہوئی۔ میں نے حضور سے اُس بچے کی بیماری کے متعلق عرض

Marfat.com

کیا تو حضور نے فرمایا، آیات شفا لکھکر پانی میں گھول کر پلادو۔ میں نے اس پر عمل کیا تو وہ شفایاب ہوگیا۔

امام عبداللہ کہتے ہیں کہ میں سفر میں تھا اور میرا اُونٹ بہت تیز اور چالاک تھا۔ میں ایک منزل پر اُترا تو ایک شخص نے مجھ سے کہا کہ تمہارا اُونٹ بہت خوبصورت ہے۔ یہاں ایک شخص ہے اس کی نظر سے اس کو بچانا اگر اس کی نظر لگ گئی تو تمہارا اُونٹ ختم ہوجائے گا۔ میں نے کہا۔ میرے اُونٹ پر اس کی نظر نہیں لگ سکتی۔ اس شخص کو جب یہ اطلاع ملی تو اس نے آکر میرے اُونٹ کو نگاہ بھر کر دیکھا، اس کے دیکھتے ہی اُونٹ گر پڑا اور تڑپنے لگا۔ لوگوں نے مجھ سے کہا کہ فلاں شخص نے تمہارے اُونٹ کو نظر لگادی ہے میں نے اس شخص کو اپنے سامنے بٹھاکر بِسۡمِ اللّٰہِ حَبۡسٌ حَابِسٌ کا عمل پڑھا اُسی وقت اس شخص کی آنکھ باہر نکل پڑی اور میرا اونٹ اچھا ہوگیا۔

خلاصہ یہ کہ کلام الٰہی میں بے پناہ اثر ہے۔ جب جادو وغیرہ کا اثر ختم ہوسکتا ہے تو نظرِ بد کا اثر کلامِ الٰہی سے کیوں نہ ختم ہوگا۔

## آیاتِ شفاء

الحمد شریف تین بار پڑھ کر یہ آیات پڑھ کر بیمار پر دم کیا جائے۔ پانی پر دم کر کے پلانا بھی بہت مفید ہے۔ خدا کے فضل و کرم سے بیمار تندرست ہوگا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۱۔ وَیَشۡفِ صُدُوۡرَ قَوۡمٍ مُّؤۡمِنِیۡنَ وَیُذۡهِبۡ غَیۡظَ قُلُوۡبِهِمۡ ۲۔ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ قَدۡ جَآءَتۡكُمۡ مَّوۡعِظَةٌ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوۡرِ وَهُدًی وَّرَحۡمَةٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ ○ ۳۔ یَخۡرُجُ مِنۡۢ بُطُوۡنِهَا شَرَابٌ مُّخۡتَلِفٌ اَلۡوَانُهٗ فِیۡهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ○ ۴۔ وَ

تُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ○ ۵۔ اَلَّذِىْ خَلَقَنِىْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ ○ وَالَّذِىْ هُوَ يُطْعِمُنِىْ وَ يَسْقِيْنِ ○ وَ اِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ○ ۶۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ط

## نظرِ بد جھاڑنے کا نہایت مجرّب عمل

نظر لگ جانا برحق ہے۔ اگر خود اپنی نظر لگ جانے کا وہم ہو تو اس آیت کو تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ وَ اِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ○ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ○ اور اگر کسی دوسرے کی نظر لگ جائے تو اُس شخص کو، جس کی نظر لگی ہے، بُلا کر اپنے سامنے بٹھالیا جائے اور یہ ورد پڑھا جائے۔ بِسْمِ اللّٰهِ حَبْسٌ حَابِسٌ يَا شَجَرٌ يَابِسٌ وَ شِهَابٌ قَابِسٌ رَدَدْتُ عَيْنَ الْعَائِنِ وَعَلٰى اَحَبِّ النَّاسِ اِلَيْهِ فَارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ۔ اگر وہ نظر لگانے والا سامنے نہ ہو تب بھی یہ ورد مفید ہے۔ جس شخص کو نظر لگ جائے وہ یہ دعا پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ حَرَّهَا وَبَرْدَهَا وَ وَصَبَهَا۔ اور اگر کسی کے جانوروں کو نظر لگ جائے تو اس دعا کو پڑھ کر چار بار اس کے داہنے نتھنے میں اور تین بار بائیں نتھنے میں پھونک دے اور اسکے بعد اس دعا کو پڑھے۔ لَا بَاْسَ اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ لَنَا اَنْتَ الشَّافِىْ لَا يَكْشِفُ الضُّرَّ اِلَّا اَنْتَ۔

---

# دُعائے امن

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَللّٰهُمَّ فَرِّجْنَا بِدُخُوْلِ الْقَبْرِ وَاخْتِمْ لَنَا بِالْخَيْرِ وَالظَّفْرِ وَاغْفِرْ لَنَا وَلِوَالِدَيْنَا وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

Marfat.com

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ○ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ○

## سَیِّدُ الْاِسْتِغْفَار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِىْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَىَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِىْ فَاغْفِرْلِىْ ذُنُوْبِىْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ۔

## شبِ قدر

**طریقۂ نوافل شبِ قدر**

① دو رکعت - ہر رکعت میں اَلْحَمْدُ شریف۔ اِنَّآ اَنْزَلْنَا ایک بار، سورۂ اخلاص تین بار پڑھے تو اس کو شبِ قدر کا ثواب حاصل ہوگا اور ثواب حضرت ادریس حضرت شعیب حضرت

ایوب، حضرت داؤد، حضرت نوح علیہم الصلوٰۃ والسلام جیسا عطا ہوگا اور اس کو ایک شہر جنّت میں دیا جائے گا جو مشرق سے مغرب تک لمبا ہوگا ② حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص شب قدر میں دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد اَلْحَمْدُ شریف قُلْ ھُوَاللّٰہُ سات مرتبہ، بعد ختم نماز اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَالْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ ستّر مرتبہ پڑھے تو یہ اپنے مصلّے سے نہ اُٹھے گا کہ اللہ تعالیٰ اس کے اور اس کے والدین کے گناہوں کی مغفرت فرما دیگا اور فرشتوں کو حکم ہوگا کہ اس کے لئے جنّت میں میووں کے درخت لگاتے رہیں، محل تعمیر کرتے رہیں نہریں بناتے رہیں، یہ پڑھنے والا ان کو جب تک اپنی آنکھ سے خواب میں نہ دیکھ لے گا۔ اس وقت تک اس کو موت نہ آئے گی ③ جو شخص چار رکعت پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد اَلْحَمْدُ شریف ایک بار اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ اور قُلْ ھُوَاللّٰہُ تین بار پڑھے اس پر موت کی سختی آسان ہوگی، عذاب قبر اٹھ جائے گا۔ اس کو جنّت میں چار ستون ملیں گے جن کے ہر ستون پر ہزار محل ہوں گے ④ جو شخص ستائیسویں شب رمضان کو چار رکعت پڑھے ہر رکعت میں بعد اَلْحَمْدُ شریف اِنَّآ اَنْزَلْنَا تین بار اور قُلْ ھُوَاللّٰہُ شریف پچاس۵ مرتبہ بعد ختم نماز سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ پڑھے جو دعا مانگے قبول ہوگی ⑤ جو ستائیسویں۲۷ شب رمضان میں چار رکعت پڑھے، ہر رکعت میں بعد اَلْحَمْدُ شریف اِنَّآ اَنْزَلْنَا ایک بار قُلْ ھُوَاللّٰہُ ستائیس بار پڑھے گناہوں سے ایسا پاک ہوجاتا ہے گویا ابھی پیدا ہوا ہے اور اس کو جنّت مین ہزار محل ملیں گے ⑥ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جو شب قدر میں بعد نماز عشاء سات مرتبہ اِنَّآ اَنْزَلْنَا پڑھے۔ ہر مصیبت سے نجات ملے۔ ہزار فرشتے اس کے لئے جنّت کی دعا کرتے ہیں۔ (غنیۃ الطالبین، نزہۃ المجالس، فضائل الشہور)

**شب قدر کی دُعا** اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ کَرِیْمٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ یَاغَفُوْرُ یَاغَفُوْرُ یَاغَفُوْرُ۔

Marfat.com

# دعائے عکاشہ

عکاشہ مکڑی کے جال کو کہا جاتا ہے۔ شیطان انسان کو پھانسنے کے لیے جال بچھاتا ہے تاکہ اللہ کا بندہ اس میں پھنس جائے اور پھر اپنی مرضی کے مطابق اس سے غلط کام کرائے۔ شیطانی جال سے محفوظ رہنے کے لئے صوفیائے کرام نے دعائے عکاشہ کا وظیفہ بتایا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ يَا كَثِيْرَ النَّوَالِ وَيَا دَائِمَ الْوِصَالِ وَيَا اَحْسَنَ
الْفِعَالِ اَللّٰهُمَّ اِنْ دَخَلَ الشَّكُّ فِىْ اِيْمَانِىْ بِكَ وَ
لَمْ اَعْلَمْ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ
رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنْ دَخَلَ الْكُفْرُ فِىْ اِسْلَامِىْ بِكَ
وَلَمْ اَعْلَمْ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ
رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنْ دَخَلَ الشَّكُّ فِىْ تَوْحِيْدِىْ
اِيَّاكَ وَلَمْ اَعْلَمْ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنْ دَخَلَ الْعُجْبُ وَالْكِبْرُ
وَالرِّيَآءُ وَالسُّمْعَةُ فِىْ عَمَلِىْ بِكَ وَلَمْ اَعْلَمْ بِهٖ تُبْتُ

Marfat.com

عنہ واقول لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ ط
اللّٰھم ان دخل الکذب وجرت الغیبۃ علٰی لسانی
ولم اعلم بہ تبت عنہ واقول لا الٰہ الا اللّٰہ محمد
رسول اللّٰہ ط اللّٰھم ان دخلت الخطرات والوسوسۃ
فی صدری ایاک ولم اعلم بہ تبت عنہ واقول
لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ ط اللّٰھم ان دخل
التشبیہ فی معرفتی بک ولم اعلم بہ تبت عنہ
واقول لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ ط اللّٰھم
ما قدرت علیّ من امری فلم ارضہ ولم اعلم
بہ تبت عنہ واقول لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول
اللّٰہ ط اللّٰھم ما انعمت علیّ فعصیت ولم اعلم بہ
تبت عنہ واقول لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ ط
اللّٰھم ما اتیتنی من نعمائک فغفلت عن شکرک

Marfat.com

وَلَمْ اَعْلَمْ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ اَللّٰهُمَّ مَا وَلَّيْتَنِىْ مِنْ اٰلَآئِكَ
فَلَمْ اُؤَدِّ حَقَّهٗ وَلَمْ اَعْلَمْ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ اَللّٰهُمَّ مَا مَنَنْتَ بِهٖ عَلَىَّ
مِنَ الْحُسْنٰى فَلَمْ اَحْمَدُكَ وَلَمْ اَعْلَمْ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ
وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ اَللّٰهُمَّ
مَا ضَيَّعْتُ مِنْ عُمْرِىْ بِمَا لَمْ تَرْضَ بِهٖ وَلَمْ اَعْلَمْ بِهٖ
تُبْتُ عَنْهُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ
اَللّٰهُمَّ مَا اَوْجَبْتَ عَلَىَّ مِنَ النَّظْرِ فِيْكَ فَغَمَضْتُ وَلَمْ اَعْلَمْ
بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ
اَللّٰهُمَّ مَا قَصَرْتُ اٰمَلِىْ فِىْ رَجَآئِكَ مِنْكَ وَلَمْ اَعْلَمْ بِهٖ تُبْتُ
عَنْهُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ اَللّٰهُمَّ مَآ
اَعْهَدْتُّ عَلٰى سِوَاكَ فِى الشَّدَآئِدِ وَلَمْ اَعْلَمْ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَ

Marfat.com

اَقُوْلُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط اَللّٰھُمَّ اِنِ اسْتَغْنَتُ
مِنْ غَیْرِکَ فِی النَّوَآئِبِ وَلَمْ اَعْلَمْ بِہٖ تُبْتُ عَنْہُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰہَ
اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط اَللّٰھُمَّ اِنْ زَلَّتْ قَدَمِیْ فِیْ صِرَاطٍ
مِّنْ غَیْرِکَ وَلَمْ اَعْلَمْ بِہٖ تُبْتُ عَنْہُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط اَللّٰھُمَّ مَا اَصْلَحْتَ سَیِّاٰتِیْ بِفَضْلِکَ
فَرَاَیْتُہٗ مِنْ غَیْرِکَ وَلَمْ اَعْلَمْ بِہٖ تُبْتُ عَنْہُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا
اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ
سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَ
نَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ وَزَکَرِیَّآ
اِذْ نَادٰی رَبَّہٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ
الْوَارِثِیْنَ ط وَصَلَّے اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ
وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ
الرّٰحِمِیْنَ ○

Marfat.com

# شش کلمے

**اوّل کلمہ طیبہ** لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔

